CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار۔ باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر
امروز
www.dailyimroze.com
جلد نمبر 18 | بدھ 26 مئی 2025ء 28 ذیالقعدہ 1446ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ 146

غزہ میں قیامت: اسرائیلی میزائل سے ڈاکٹر جوڑے کا خاندان ختم، 9 بچے شہید

52 فلسطینی جام شہادت پی گئے

غزہ کی شہری دفاعی ایجنسی کے ترجمان محمود باسل نے بتایا کہ یہ بچے ڈاکٹر حمدی النجار اور ان کی اہلیہ ڈاکٹر علاء النجار کے تھے۔ دونوں ڈاکٹر غزہ میں خدمات انجام دے رہے تھے

حملے کے وقت والد حمدی النجار نے اپنی اہلیہ کو ناصر اسپتال ڈیوٹی پر چھوڑا تھا اور گھر واپس پہنچتے ہی میزائل حملہ ہوا۔ ان کے ایک اور بیٹے 10 سالہ آدم اور والد شدید زخمی حالت میں ہیں

حماس کی وزارت صحت کے ڈائریکٹر جنرل منیر البورش نے سوشل میڈیا پر کہا کہ یہ حملہ اس وقت ہوا جب حمدی النجار اپنی اہلیہ کو اسپتال چھوڑ کر گھر لوٹے

خان یونس (ویب ڈیسک): غزہ کے شہر خان یونس میں ایک دل دہلا دینے والے اسرائیلی فضائی حملے میں ایک ہی خاندان کے 9 بچے شہید ہو گئے۔ غزہ کی شہری دفاعی ایجنسی کے ترجمان محمود باسل نے بتایا کہ یہ بچے ڈاکٹر حمدی النجار اور ان کی اہلیہ ڈاکٹر علاء النجار کے تھے۔ دونوں ڈاکٹر غزہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

پوری دنیا پاکستان کی حکمت عملی اور ضبط و تحمل کو سراہ رہی ہے، چیئرمین سینیٹ

بلوچستان میں بھارت کی مداخلت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، یوسف رضا گیلانی

لاہور (این این آئی) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ افواج پاکستان کی بہادری اور جرات کی پوری دنیا معترف ہے، مسلح افواج نے بھارتی جارحیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف فوری آپریشن کا فیصلہ

غیر منظور شدہ ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف بھی کریک ڈاؤن کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف فوری آپریشن کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت اہم اجلاس ہوا جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

کشمیر بنے گا پاکستان

امن پہلا انتخاب دوبارہ وقت جو جواب شدید تر ہوگا فوج کا ترجمان

اب وقت آ گیا ہے کہ کشمیر بنے گا پاکستان، بھارت افغانستان کو پاکستان کے خلاف استعمال کرتا ہے، افغان بھائی دہشت گردوں کو اپنے ملک میں جگہ نہ دیں اور بھارت کے آلہ کار بھی سن لیں

ہر طرف سبز ہلالی پرچموں کی بہار اور ملی نغموں کی گونج نے فضا کو جذبہ حب الوطنی سے بھر دیا، "پاکستان ہمیشہ زندہ باد" اور "پاک فوج زندہ باد، کشمیر بنے گا پاکستان" جیسے فلک شگاف نعروں نے ماحول کو گرما دیا

6 اور 7 مئی کو جن ہوائی اڈوں سے بھارتی طیارے اڑے ان کو تباہ کیا، کیا آپ کی فوج نے کسی ایک سویلین انفراسٹرکچر، کسی ایک سول آبادی کو نشانہ بنایا؟ نہیں، ہم امن پسند ہیں، امن کو ترجیح دیتے ہیں

راولپنڈی: (آئی پی ایس) ترجمان پاک فوج لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ کشمیر بنے گا پاکستان، بھارت افغانستان کو پاکستان کے خلاف استعمال کرتا ہے، افغان بھائی دہشت گردوں کو اپنے ملک میں جگہ نہ دیں اور بھارت کے آلہ کار بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

استنبول: وزیر اعظم محمد شہباز شریف ترکی کے وزیر برائے قومی دفاع جناب یاسر گولر سے ملاقات کر رہے ہیں۔

خیبر پختونخوا: سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، بھاری سرپرستی یافتہ 9 خوارج ہلاک

شرپسندوں سے بھاری تعداد میں اسلحہ بارود برآمد ہوا ہے، فتنہ الخوارج کے ہلاک دہشت گرد مختلف حملوں میں ملوث تھے

خوارج کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، سیکیورٹی فورسز بھارتی سپانسرڈ دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کرنے کے لیے پرعزم ہیں

راولپنڈی: (آئی پی ایس) خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی 3 کارروائیوں میں بھارتی حمایت یافتہ 9 خوارج ہلاک ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی جانب سے خفیہ اطلاع پر پہلی کارروائی ڈی آئی خان میں کی گئی، جہاں فائرنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

پاکستان نے سیز فائر کے حوالے سے کبھی بھی بھیک نہیں مانگی، انوار الحق کاکڑ

بھارتی اسٹریٹیجک غلط فہمی نے پاکستان کے موقف کو مضبوط کر دیا، سابق نگران وزیر اعظم

لاہور (این این آئی) سابق نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ امریکہ کو ساری حقیقت معلوم ہو چکی، مودی کی حکمت عملی ناکام ہو گئی، پاکستانی قیادت نے دفاعی حکمت عملی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسحاق ڈار کی حضرت علی ہجویری کے دربار آمد، فاتحہ خوانی و دعا کی

لاہور (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی حضرت علی ہجویریؒ کے دربار آمد ہوئی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

رواں سال کی تیسری قومی پولیو مہم کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) رواں سال کی تیسری قومی پولیو مہم کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا۔ وزیر اعظم کی ترجمان برائے انسداد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

استنبول: وزیر اعظم محمد شہباز شریف کا استقبال ترک صدر رجب طیب اردوان ڈولما باغچی محل میں کر رہے ہیں

پاکستان کو بھارت پر ٹیکنالوجی کے شعبے میں بھی برتری حاصل ہو گئی، احسن اقبال

دنیا کو پتہ چل گیا ہے، ہم ٹیکنالوجی کے ذریعے جدید طیارے گرا سکتے ہیں، خطاب

وزیر اعظم کے بیرون ملک دورے اور عید کی وجہ سے بجٹ میں تاخیر ہوئی۔ وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو بھارت پر ٹیکنالوجی کے شعبے میں بھی برتری حاصل ہو گئی۔ صوبائی دارالحکومت میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پاکستان نے 6 مزید ایل این جی کارگو عالمی مارکیٹ منتقل کر دیے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے 6 مزید ایل این جی کارگو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

لاہور: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی ایکسپو سنٹر میں دسویں سولر انرجی شو میں شرکت کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

دہشت گردوں کیخلاف فیصلہ کن کارروائی کا آغاز ہو گیا، رانا ثناء اللہ

عوام پر بوجھ ڈالے بغیر دفاعی بجٹ کو بڑھایا جائے

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر اور سابق وفاقی وزیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کیخلاف فیصلہ کن کارروائی کا آغاز ہو گیا ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ خضدار کے معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں، پاکستان کی سرزمین دہشت گردوں کیلئے تنگ ہو جائے گی، فیلڈ پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پوری قوم شہید بچوں کے خاندانوں کے ساتھ ہے، محسن نقوی

شہید بچوں کے خاندان ہمارے سر کا تاج ہیں، انہیں نہیں چھوڑیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خضدار میں سکول بس پر حملے میں شہید ہونے والی 2 مزید طالبات شیما ابراہیم اور مسکان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم شہید بچوں کے خاندانوں کے ساتھ ہے، شہید بچوں کے خاندان ہمارے سر کا تاج ہیں، انہیں نہیں چھوڑیں گے۔ اپنے بیان میں وزیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ملک میں سیاسی یکجہتی کا ماحول ہونا چاہیے، شاہد خاقان عباسی

مسلح افواج نے بھارت کو جواب دے کر برتری حاصل کی

احمد پور شرقیہ (این این آئی) سابق وزیر اعظم و سربراہ عوام پاکستان پارٹی شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے ملک میں سیاسی یکجہتی کا ماحول ہونا چاہیے۔ نواحی علاقہ کوٹلہ موسیٰ خان میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی کا کہنا تھا کہ بھارت نے جارحیت کا مظاہرہ کیا، مسلح افواج نے جواب دے کر برتری حاصل کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

تجربات سے نجات، قومی میثاق معیشت پر اتفاق کیا جائے، لیاقت بلوچ

تنخواہ دار طبقے نے رواں سال 391 ارب روپے انکم ٹیکس دیا

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ معاشی تجربات سے نجات کے لیے قومی میثاق معیشت پر اتفاق کیا جائے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ آئی ایم ایف کا مطالبہ حیران کن ہے، بڑے زمینداروں کو زرعی آمدن سے ٹیکس استثنیٰ حاصل رہے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

گزشتہ 2 سال میں پاکستان کا ریونیو تقریباً دگنا ہو گیا ہے

عالمی مالیاتی فنڈ

ریونیو میں اضافہ مصنوعی ہے، گزشتہ 2 سالوں میں ٹیکس نیٹ میں کوئی بڑی تبدیلی نہیں آئی، 2 سالوں میں ٹیکس کی شرح میں بہت اضافہ ہوا

تنخواہ دار طبقے اور صنعتی شعبے پر ٹیکسوں کا بوجھ لاد دیا گیا۔ معاشی ماہرین کے مطابق سیلز ٹیکس کی شرح 12 سے بڑھا کر 15 اور پھر 18 فیصد کر دی گئی

اسلام آباد (آئی پی ایس) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے کہا ہے کہ گزشتہ 2 سالوں میں پاکستان کا ریونیو تقریباً دگنا ہو گیا ہے۔ آئی ایم ایف حکام کے مطابق پاکستان کا ریونیو 6.9 ٹریلین روپے سے بڑھ کر 18 ٹریلین روپے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

پاکستانی قونصلیٹ جدہ میں یوم تشکر اور یوم تکبیر منایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی قونصلیٹ جدہ میں یوم تشکر اور یوم تکبیر کے سلسلے میں اتوار کو ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا، تقریب میں قوم کے غیر متزلزل عزم اور افواج پاکستان کے غیر متزلزل حوصلے کو خراج تحسین پیش کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

خیبر پختونخوا کا سرکاری ملازمین کو تنخواہیں، پنشن 30 مئی کو دینے کا اعلان

یکم جون کو بینک بند ہونے کی وجہ سے تنخواہیں اور پنشن وقت سے قبل ادا کی جائے گی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے سرکاری ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی 30 مئی کو کی جائے گی۔ محکمہ خزانہ نے اعلامیہ جاری کر دیا جس کے مطابق یکم جون کو بینک بند ہونے کی وجہ سے تنخواہیں اور پنشن وقت سے قبل ادا کی جائے گی۔ محکمہ خزانہ کی جانب سے جاری اعلامیہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

محسن پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے پہلی بار یوم قدیر منایا گیا

پارلیمنٹ کے سامنے جوہری سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی یادگار تعمیر کی جائے، مطالبہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان کے دارالحکومت میں پہلی بار محسن پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے نہ صرف "یوم قدیر" منایا گیا بلکہ پارلیمنٹ کے سامنے جوہری سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر کی یادگار تعمیر کرنے کا مطالبہ بھی کر دیا گیا، گذشتہ روز ڈاکٹر عبدالقد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

کراچی: کمشنر کراچی سید حسن نقوی پولیو مہم کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پنجاب میں برسوں سے رائج برتھ ڈیتھ رجسٹریشن فیس کورٹ ڈگری شرط بھی ختم

نجاب بھر میں برتھ اور ڈیتھ کی رجسٹریشن بلا معاوضہ کرائی جا سکے گی، پنجاب میں لیٹ برتھ اور ڈیتھ کی رجسٹریشن پر کورٹ ڈگری کی شرط بھی ختم کر دی گئی

شناخت ہر شہری کا بنیادی حق ہے، شہریوں کے لیے آسانیاں پیدا کرنا چاہتے ہیں، سروسز کے حصول کے لیے ڈیجیٹل برتھ اور ڈیتھ سرٹیفکیٹ لازم ہے

لاہور: (آئی پی ایس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبے میں برسوں سے رائج برتھ اور ڈیتھ رجسٹریشن فیس ختم کر دی۔ پنجاب میں برتھ و ڈیتھ رجسٹریشن رولز 2025 نافذ ہو گئی، پنجاب بھر میں برتھ اور ڈیتھ کی رجسٹریشن بلا معاوضہ کرائی جا سکے گی، پنجاب میں لیٹ برتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ ان سے بات کر لے، علی ظفر

بانی پی ٹی آئی نے پارٹی کو کسی سے بھی مذاکرات سے منع کر دیا ہے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے سینئر رہنما سینیٹر علی ظفر کے مطابق بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ اگر بات کرنا چاہتی ہے تو براہ راست ان سے یعنی بانی پی ٹی آئی سے بات کر لے۔ ایک انٹرویو میں علی ظفر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے پارٹی کو کسی سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ریلوے کے سفر کو قابل اعتماد اور ترجیحی بنانیکیلئے کوششیں جاری ہیں، وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے پاکستان ریلوے کو جدید، قابل بھروسہ اور مسافروں کیلئے دوستانہ ذرائع آمد و رفت میں تبدیل کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

افواج پاکستان کی بدولت امن و سکون کی زندگی گزار رہے، مراد علی شاہ

پاکستان ہمیشہ بھارت میں دہشتگردی کی مذمت کرتا ہے لیکن بھارت نے کبھی مذمت نہیں کی

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا کہنا ہے کہ مسلح افواج پاکستان کی شان ہیں اور ہم افواج کی ہی بدولت امن و سکون کی زندگی گزار رہے ہیں۔ آرٹس کونسل میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا پاکستان ہمیشہ بھارت میں ہونے والی دہشت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑا ٹی کے شہر میلان میں سکھ کمیونٹی سے خطاب کر رہے ہیں۔

جنرل عاصم منیر کے فیلڈ مارشل بننے سے بھارت کی شکست پر مہر لگ گئی، گورنر سندھ

فیلڈ مارشل نے اور سیز کنونشن میں بھارت کو جو کہا تھا، سچ ثابت کیا، میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کے عشائیہ میں شرکت کے بعد گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جنرل عاصم منیر کے فیلڈ مارشل بننے سے بھارت کی شکست پر مہر لگ گئی، گورنر سندھ نے کہا کہ فیلڈ مارشل نے اور سیز کنونشن میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

پشاور میں ایکسائز ویئر ہاؤس میں آتشزدگی، درجنوں گاڑیاں جل گئیں

لاکھوں روپے مالیت کی ضبط شدہ گاڑیاں مکمل طور پر تباہ ہو گئیں، تحقیقات شروع

پشاور (آئی پی ایس) صوبہ خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں ایکسائز کے ضبط شدہ گاڑیوں کے ویئر ہاؤس میں آگ لگنے سے درجنوں گاڑیاں جل گئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پشاور کے نول پلازہ کے قریب محکمہ ایکسائز کے ضبط شدہ گاڑیوں کے ویئر ہاؤس میں اچانک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

پاکستان میں بھارتی دہشتگردی کے ناقابل تردید شواہد پر عالمی خاموشی سے امن کو خطرہ

پاکستان کی جانب سے پیش کیے جانے والے شواہد مسلسل عالمی برادری کے سامنے رکھے جا رہے ہیں

اب وقت آ چکا ہے کہ عالمی برادری بھارتی ریاستی دہشتگردی پر سنجیدگی سے نوٹس لے اور اس کے خلاف عملی اقدامات کیے جائیں

اسلام آباد (آئی پی ایس) پاکستان میں بھارتی ریاستی دہشتگردی کے ناقابل تردید اور مستند شواہد ایک بار پھر منظر عام پر آ رہے ہیں، جن سے بھارت کی خفیہ ایجنسیوں کی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کی کارروائیوں کی حقیقت واضح ہوتی ہے۔ بھارتی ریاستی دہشتگردی کا سلسلہ نئی بات نہیں۔ پاکستان اور دیگر متاثرہ ممالک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

روسی زبان، سائنس، تعلیم اور ثقافت کے فروغ کے لیے ادارہ قائم

"رشین سنٹر فار سائنس، ایجوکیشن اینڈ کلچر" کا افتتاح 28 مئی کو کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں روسی زبان، سائنس، تعلیم اور ثقافت کے فروغ کے لیے "رشین سنٹر فار سائنس، ایجوکیشن اینڈ کلچر" کے نام سے ادارہ قائم کر دیا گیا۔ محکمہ خزانہ کی جانب سے اس ادارے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ملک میں اجارہ داری نظام کے ذریعے عوام کو دبایا جا رہا ہے، حافظ نعیم الرحمان

امریکا اور اسرائیل ٹیکنالوجی میں بہت آگے ہیں، ہم ان کی ٹیکنالوجی سے ہی ان کو شکست دیں گے

سوشل میڈیا میں ظلم کے نظام کو نہ صرف اجاگر کرنا بلکہ ظلم کے خلاف بغاوت اور اسلام کے عادلانہ نظام کے قیام کی تحریک چلانا ہوگی

کراچی (آئی پی ایس) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے حکومت اور اپوزیشن جماعتوں کی پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں اجارہ داری نظام کے ذریعے عوام کو دبایا کر رکھا ہوا ہے۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے فاران کلب میں حلقہ خواتین جماعت اسلامی کراچی کے تحت سوشل میڈیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

فلسطینی شہدا کی تعداد ہزاروں سے تجاوز کر گئی، علامہ فریدی

اہل غزہ کیلئے عالمی برادری وہ کردار نہیں ادا کر رہی جو کرنا چاہیے، اسلم فاروقی

کراچی (این این آئی) ہاپنان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم محب قومی سماجی کونسل (ایم کیو ایس سی) پاکستان کے چیئرمین و محب وطن سماجی رہنما محمد اسلم خان فاروقی نے کہا ہے کہ مظلوم اہل غزہ کے لیے عالمی برادری کو جو کردار ادا کرنا چاہیے عالمی برادری وہ کردار ادا نہیں کر رہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

پنجاب میں آندھی بارش سے 13 شہری جاں بحق، 92 افراد زخمی

مریم نواز کا جانی نقصان پر اظہار افسوس

وزیر اعلیٰ مریم نواز نے نشیبی علاقے زیر آب آنے کا نوٹس لیتے ہوئے انتظامیہ اور ریسکیو کو الرٹ رہنے کا حکم دے دیا

وزیر اعلیٰ نے راولپنڈی میں واسا افسروں کو خود فیلڈ میں پہنچنے کا حکم دیتے ہوئے کہا پانی کا نکاس یقینی بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں

لاہور، اسلام آباد، جہلم، ملتان (آئی پی ایس) لاہور سمیت پنجاب میں شدید آندھی، بارش اور ژالہ باری نے تباہی مچا دی، 13 افراد جاں بحق، 92 زخمی ہو گئے۔ لاہور موسم کی خرابی اور آندھی کے بعد میٹرو اور رنگ لائن ٹرین بند اور سٹیشنز خالی کروا لیے گئے جبکہ شدید گرد و غبار کے باعث موٹروے کئی مقامات پر بند کر دی گئیں۔ ترجمان موٹروے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

میڈیا ماسٹر پینل انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گا، اویس نقوی

سندھ آؤٹ ڈور ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے انتخابات، کامیابی کا عزم

کراچی (این این آئی) سندھ آؤٹ ڈور ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے آئندہ انتخابات کے تناظر میں میڈیا ماسٹر پینل کی جانب سے کراچی میں شاندار عشائیہ کا اہتمام کیا گیا، جس میں ایڈورٹائزنگ انڈسٹری سے وابستہ نمایاں کاروباری شخصیات، اشتہاری اداروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

روان سال کی تیسری قومی پولیو مہم کا باضابطہ آغاز

اسلام آباد (این این آئی) رواں سال کی تیسری قومی پولیو مہم کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا۔ وزیر اعظم کی ترجمان برائے انسداد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمیٹی کوہاٹ نے 7 منصوبوں کی منظوری دے دی

پشاور (این این آئی) ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمیٹی کوہاٹ نے 7 منصوبوں کی منظوری دے دی۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

لاہور: جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام پری بجٹ سیمینار سے لیاقت بلوچ خطاب کر رہے ہیں۔

لاہور: مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے منتخب امیر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم مجلس شوریٰ سے خطاب کر رہے ہیں

عدالت سول جج ڈنہ کا افتتاح، عملی مفادات پر بھی یقین رکھنا ہوگا

چیف جسٹس ہائیکورٹ

جب آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں عدالتوں کا قیام عمل میں لایا جاتا تھا تو میں سوچتا تھا کہ ہمارے علاقہ میں اس کی بیحد ضرورت ہے

ہمیں اجتماعی مفادات کے ساتھ ساتھ عملی مفادات پر بھی یقین رکھنا ہوگا اور مثبت رویوں اور کرداروں کو پروان چڑھانا ہوگا

ڈنہ نجیلی (آئی پی ایس) چیف جسٹس عدالت العالیہ آزاد جموں و کشمیر جسٹس صداقت حسین راجہ نے سینئر جج عدالت العالیہ جسٹس سردار لیاقت حسین کے ہمراہ عدالت سول جج / ایڈیشنل تحصیل فوجداری ڈنہ کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر سابق چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر جسٹس چوہدری محمد ابراہیم ضیاء، جوڈیشل آفیسران، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سوشل میڈیا ایپس کے پاسورڈز چوری، الرٹ جاری

سوشل میڈیا ایپس کا ایک ارب 80 کروڑ ریکارڈ لیک ہو چکا ہے

کراچی (این این آئی) نیشنل سائبر ایمرجنسی ریسپانس ٹیم نے سوشل میڈیا صارفین کے لیے الرٹ جاری کر دیا ہے جس میں مختلف ایپس کے پاسورڈز چوری ہونے کی اطلاع دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل سائبر ایمرجنسی ریسپانس ٹیم نے سوشل میڈیا صارفین کے لیے الرٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اداریہ

آپ کی رائے

ترجمان پاک فوج کی فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کیخلاف چشم کشا پریس کانفرنس

پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ خضدار میں 21 مئی کو فتنہ الہندوستان نے بھارت کے حکم پر بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا۔ فتنہ الہندوستان جان بوجھ کر معصوم اور نہتے پاکستانیوں کو نشانہ بنا رہا ہے۔ گزشتہ روز اسلام آباد میں وفاقی سیکرٹری داخلہ محمد خرم آغا کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر نے کہا کہ خضدار میں بچوں کی شہادت میں فتنہ الہندوستان ملوث ہے۔ بھارت نخلے میں امن کو سبوتاژ کر رہا ہے اور گزشتہ 20 سال سے ریاستی دہشت گردی کی پالیسی جاری رکھے ہوئے ہے۔ جنرل احمد شریف چودھری نے باور کرایا کہ پاکستان نے 2009ء میں دہشت گردی کے ثبوتوں سے بھرا ڈوزیئر شرم الشیخ میں اس وقت کے بھارتی وزیر اعظم کو پیش کیا تھا 2015ء میں پاکستان نے بھارتی دہشت گردی کے ثبوتوں پر مبنی ڈوزیئر اقوام متحدہ کے حوالے کیا اور 2016ء میں دنیا نے بلوچستان میں بھارتی ریاستی دہشت گردی کا بیہودہ فانہ چہرہ کلبھوشن یادیو کی شکل میں دیکھا جو کہ بھارتی بحریہ کا حاضر سروس افسر تھا۔ اس نے بھارتی حکومت کے احکام پر انجام دیئے گئے اپنے تمام گھناؤنے جرائم اور دہشت گردوں کی فنڈنگ کا اعتراف کیا۔ انہوں نے بتایا کہ 2019ء میں ایک بار پھر بھارتی دہشت گردی کے ثبوتوں سے بھرا ڈوزیئر اقوام متحدہ کے حوالے کیا گیا اور حال ہی میں ملکی و غیر ملکی میڈیا نے رضا کارانہ ہتھیار ڈالنے والے دہشت گردوں کے اعترافی بیانات دیکھے جنہوں نے بتایا کہ ہندوستان کیسے بلوچستان میں دہشت گردی کی منصوبہ بندی اور فنڈنگ کر رہا ہے اور یہ سلسلہ روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے۔

ڈی جی آئی ایس پی آر جنرل احمد شریف چودھری نے سانحہ خضدار میں شہید اور زخمی ہونے والے بچوں کی تصاویر دکھاتے ہوئے کہا کہ یہ بھارت کا اصل شیطانی اور سفاکانہ چہرہ ہے اور اسے یاد رکھنے کی ضرورت ہے جو 21 مئی کو ہندوستان کے حکم پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے دکھایا۔ انہوں نے استفسار کیا کہ اس میں کوئی انسانیت' کوئی اخلاقیات' کوئی بلوچیت یا کوئی پاکستانیت ہے۔ انہوں نے گزشتہ ایک سال کے دوران بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کی جانب سے دہشت گردی کا نشانہ بننے والے معصوم شہریوں کی تمام تر تفصیلات پیش کیں جن میں ڈیڑھ سو کے قریب معصوم شہری بشمول پنجابی آباد کار مزدور اور سکیورٹی فورسز کے ارکان بھی شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ فتنہ الہندوستان نے بلوچستان میں دہشت گردی کی بڑی وارداتوں 11 مارچ کو جعفر ایکسپریس کو اغوا کر کے کی جبکہ اس سے قبل کئی وارداتوں میں مسافر بسوں کو روک کر ان میں پنجابی آباد کاروں اور سکیورٹی فورسز کے ارکان کی نشاندہی کر کے بے دردی کے ساتھ قتل کیا گیا اور پھر رواں ماہ 7، 6 مئی کو فتنہ الہندوستان کے اصل باپ نے خود آ کر دہشت گردی کی اور مساجد کو نشانہ بنایا اور 22 بچوں اور خواتین سمیت ہمارے 40 معصوم شہریوں کو شہید کیا۔ بھارت نے 9 مئی کو اسپیلہ میں تین معصوم صحافیوں کو اور 13 مئی کو ڈشکی میں چار غریب مزدوروں کو شہید کیا جبکہ اب 21 مئی کو اے پی ایس خضدار کی سکول بس پر خودکش حملہ کر کے 6 معصوم پھولوں کو شہید کیا گیا ہے جبکہ دہشت گردی کے اس واقعہ میں 51 بے گناہ افراد زخمی ہوئے ہیں جن میں اکثریت بچوں کی ہے اور وہ اپنی زندگی کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ یہ کونسا اسلام اور کونسی بلوچیت ہے جس میں انسان کا زندہ رہنے کا حق یہ ہے کہ تمہارا ڈی این اے کیا ہے۔

انہوں نے گزشتہ ماہ بلوچستان سے گرفتار ہونے والے بھارتی سروِنگ میجر سندیپ کی پاکستان میں موجود دہشت گردوں سے کی گئی آڈیو گفتگو بھی سنائی جس میں میجر سندیپ نے اعتراف کیا کہ بھارت لاہور سے لے کر بلوچستان تک دہشت گردی میں ملوث ہے۔

لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ فتنہ الہندوستان کا مقصد صرف پیسہ ہے۔ بھارت انہیں افغانستان میں دستیاب امریکی اسلحہ خرید کر دیتا ہے اسی طرح فتنہ الخوارج کا بھی ہندوستان کے ساتھ گٹھ جوڑ ہے اور بھارت کا میڈیا سیل بھی فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ انہوں نے ملک کے دیگر علاقوں میں بھی گزشتہ ایک سال کے دوران ہونیوالی دہشت گردی کی تفصیلات پیش کیں اور کہا کہ قوم بھارت کیخلاف جنگ میں ایک آہنی دیوار بن چکی ہے اسی طرح بھارتی پراکسیز کیخلاف بھی آہنی دیوار بن جانے کی ضرورت ہے۔ اسی تناظر میں سیکورٹی فورسز نے بلوچ یکجہتی کمیٹی کیخلاف بھی گھیرا تنگ کیا ہے جبکہ بلوچستان کے لوگ بھی ان لوگوں کو پہچان چکے ہیں۔ انکے بقول بلوچستان میں جو کچھ ہو رہا ہے' یہ بلوچوں کی جنگ ہرگز نہیں' یہ بھارت کی پراکسیز ہیں جو پیسے لے کر قتل کر رہے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات کے حوالے سے جو تفصیلات پیش کی ہیں' وہ افسوسناک ہی نہیں بلکہ دہشت گردوں کی جانب سے ریاستی اتھارٹی کو چیلنج کرتی بھی نظر آتی ہیں۔ انہوں نے ٹھوس ثبوتوں اور شواہد کی بنیاد پر بجا طور پر اس امر کی نشاندہی کی ہے کہ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کی جانب سے بلوچستان' خیبر پختونخوا اور ملک کے دیگر علاقوں میں کی گئی دہشت گردی کی وارداتوں میں بھارت کا ہاتھ ہے جو پاکستان کی سلامتی کمزور کرنے کے مقاصد کے تحت ان نام نہاد علیحدگی پسند اور دہشت گرد عناصر کی سرپرستی اور فنڈنگ کرتا ہے۔ اس تناظر میں ماہرنگ اور اس قبیل کے دوسرے عناصر کے حق میں ریلیاں نکالنے والے اور انکی رہائی کے مطالبے کرنے والے پاکستانی باشندوں کیلئے بھی یہ صورتحال فکر و تشویش کا باعث ہونی چاہیے کہ وہ ان عناصر کے ساتھ کیوں ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں جن کا پاکستان کی سلامتی کیخلاف بھارتی سازشوں میں شریک ہونا ثابت ہو چکا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی یہ نشاندہی بھی چشم کشا ہے کہ جو دہشت گرد سکیورٹی فورسز کے اپریشنز یا خودکش حملوں میں مارے جاتے ہیں' ان کا ڈی این اے ٹیسٹ کرایا جاتا ہے تو ان میں سے زیادہ تر انہی لوگوں کی نشاندہی ہوتی ہے جن کے نام مسنگ پرسنز کی فہرست میں شامل ہیں۔ ماہرنگ بلوچ اسی بنیاد پر سانحہ جعفر ایکسپریس میں ملوث دہشت گردوں کی لاشیں لینے آئی تھیں۔ یقیناً یہ کھلی سلامتی کیخلاف ملک کے اندر سے رچایا جانے والا گھناؤنا کھیل ہے جو ہمارے ازلی مکار دشمن بھارت کی سرپرستی میں ہو رہا ہے اس لئے جو تنظیمیں' جماعتیں یا عناصر دانستہ طور پر یا بھولپن میں ملک کی سلامتی کیخلاف سازشوں میں شریک ملک کے بدخواہوں کے حق میں آواز اٹھاتے ہیں انہیں اپنے اعمال پر ریاستی اتھارٹی کے سامنے ضرور جوابدہ ہونا چاہیے۔ گزشتہ روز اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے بھی خضدار میں سکول بس پر حملے کو قابل مذمت قرار دیتے ہوئے تمام ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ دہشت گردی کے قلع قمع کیلئے پاکستان کا ساتھ دیں۔ سلامتی کونسل کا کہنا ہے کہ ہر قسم کی دہشت گردی عالمی امن کیلئے خطرہ ہے اس لئے سہولت کاروں' منصوبہ سازوں اور مالی مدد دینے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جانا چاہیے۔

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

آرمی چیف اور فیک نیوز

حال ہی میں ایک فورم سے خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے معلومات کو آگے بڑھانے سے پہلے ان کی تصدیق کی اہمیت پر زور دیا اور اس نکتے کو واضح کرنے کے لیے قرآن پاک کی ایک آیت کا حوالہ بھی دیا۔ انہوں نے سورہ الحجرات کی آیت 6 کا ذکر کیا، جس میں مومنین کو ہدایت کی گئی ہے کہ کسی بھی خبر کی تحقیق کریں، خاص طور پر جب وہ کسی مشکوک ذرائع سے آئی ہو، تاکہ غیر ارادی طور پر نقصان پہنچانے اور بعد میں پچھتانے سے بچا جا سکے۔ جنرل منیر نے پاکستان میں ایک پریشان کن رجحان پر بھی تشویش کا اظہار کیا، جہاں بعض افراد اور گروہ بغیر کسی تصدیق کے جیسا موصول ہوا ویسا آگے بڑھا دو کی ذہنیت کے ساتھ معلومات پھیلاتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ رویہ اسلام کی حقیقی تعلیمات کے خلاف ہے۔ اسلام میں معلومات کی ترسیل ایک معمولی عمل نہیں ہے بلکہ یہ اخلاقی، سماجی اور روحانی وزن رکھتی ہے۔ ایک ایسے عقیدے کے پیروکاروں کی حیثیت سے جو انصاف، سچائی اور جوابدہی پر زور دیتا ہے، مسلمانوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ علم یا خبروں کے تبادلے میں اعلیٰ ترین معیار برقرار رکھیں۔ ایک ایسے دور میں جہاں سوشل میڈیا، میسجنگ ایپس اور آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے معلومات بجلی کی رفتار سے پھیلتی ہیں، اسلامی تعلیمات میں بیان کردہ اصول پہلے سے کہیں زیادہ متعلقہ ہو جاتے ہیں۔ اسلام میں مرکزی اخلاقی خدشات میں سے ایک بغیر تصدیق کے خبریں پھیلانا ہے، جس کی مذہب سختی سے حوصلہ شکنی کرتا ہے اور بعض صورتوں میں واضح طور پر مذمت کرتا ہے۔ قرآن پاک کسی بھی خبر پر عمل کرنے یا اسے دوسروں تک پہنچانے سے پہلے اس کی تصدیق کی اہمیت کی بنیاد رکھتا ہے۔ آرمی چیف کی جانب سے تلاوت کی گئی آیت ایک گہرے اخلاقی اصول کا خلاصہ کرتی ہے یعنی تصدیق کا فرض۔ یہ مومنین کو سکھاتی ہے کہ کسی بھی خبر یا رپورٹ پر ردعمل ظاہر کرنے یا اسے آگے بڑھانے سے پہلے توقف کریں، غور کریں اور اس کی ساکھ کا جائزہ لیں۔ اس آیت کا پس منظر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کا ایک حقیقی واقعہ تھا، جہاں غلط معلومات ایک سنگین تنازع کا باعث بن سکتی تھیں۔ اس کے بعد آنے والی ہدایت نہ صرف ایک واقعے کو روکنے کے لیے تھی، بلکہ ایک لازوال اصول قائم کرنے کے لیے تھی کہ غیر تصدیق شدہ معلومات پر عمل نہ کریں کیونکہ یہ ناانصافی اور پچھتاوے کا باعث بن سکتی ہے۔ اسلام میں دوسروں کو نقصان پہنچانا چاہے وہ الفاظ، افعال یا جھوٹے الزامات کے ذریعے ہو ایک بڑا گناہ سمجھا جاتا ہے۔ فتنہ (اشتعال، تنازع یا اختلاف) کی سختی سے مذمت کی گئی ہے اور افواہوں یا بے بنیاد دعوؤں کا لاپرواہی سے پھیلانا اس کا براہ راست سبب بن سکتا ہے۔ قرآن پاک بار بار فتنہ کے خطرات سے خبردار کرتا ہے، یہاں تک کہ بعض سیاق و سباق میں اسے قتل سے بھی بدتر قرار دیتا ہے (قرآن 2:191)۔ ایک چھوٹی سی جھوٹی خبر کسی کی شہرت کو برباد کر سکتی ہے، خاندانوں کو تباہ کر سکتی ہے، معاشرتی تناؤ کو بھڑکا سکتی ہے اور یہاں تک کہ جانوں کو خطرے میں ڈال سکتی ہے۔ مزید برآں، اسلام قطعی طور پر غیبت اور بہتان سے منع کرتا ہے جو غیر تصدیق شدہ خبروں کو افراد کے بارے میں پھیلانے سے پیدا ہو سکتے ہیں۔ قرآن غیبت کو اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانے سے تشبیہ دیتا ہے (قرآن 49:12) جو ایک انتہائی پریشان کن تصویر ہے جو گناہ کی سنگینی کی عکاسی کرتی ہے۔ بہتان، جہاں بغیر کسی ثبوت کے جھوٹے الزامات لگائے جاتے ہیں، اسلامی قانون میں اس کے اور بھی سنگین نتائج ہیں اور اسے دنیا اور آخرت دونوں میں قابل سزا جرم سمجھا جاتا ہے۔ ایک اور متعلقہ تصور تقویٰ ہے۔ ایک ایسا شخص جو تقویٰ رکھتا ہے وہ ہمیشہ اپنے الفاظ اور اعمال کے بارے میں ہوشیار رہتا ہے، یہ جانتا ہے کہ جو کچھ وہ کہتا یا کرتا ہے وہ فرشتوں کے ذریعہ ریکارڈ کیا جاتا ہے اور اللہ کے ذریعہ اس کا حساب لیا جائے گا۔ خبریں شیئر کرنے سے پہلے تقویٰ رکھنے والا مومن پوچھے گا: کیا یہ سچ ہے؟ کیا یہ فائدہ مند ہے؟ کیا یہ منصفانہ ہے؟ کیا اس سے کسی کو تکلیف پہنچے گی؟ ان سوالات کے جوابات ان کے اعمال کی رہنمائی کرتے ہیں۔ یہ ہوشیاری ہی اسلام میں ایک لاپرواہ کو باضمیر سے ممتاز کرتی ہے۔ ایک ایسے معاشرے میں جو معلومات سے بھرا پڑا ہے، جو کچھ درست اور بہت سی غلط ہوتی ہیں، مسلمانوں کو ان کے پھیلاؤ کے بجائے فلٹر کے طور پر کام کرنے کی دعوت دی جاتی ہے۔ غیر تصدیق شدہ خبریں پھیلانے کے نتائج کی سب سے مشہور مثالوں میں سے ایک حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ پر لگائی گئی تہمت کا واقعہ ہے۔ اس واقعے میں ان کی سیرت کے بارے میں جھوٹی افواہیں پھیلائی گئیں۔ اس کے نتائج سنگین تھے اور اللہ نے سورہ النور میں ان لوگوں کی مذمت میں آیات نازل کیں جنہوں نے بغیر کسی ثبوت کے جھوٹ پھیلایا: "جب تم نے اسے اپنی زبانوں سے سنا اور اپنی زبانوں سے وہ بات کہی جس کا تمہیں علم نہ تھا اور تم نے اسے معمولی سمجھا حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی بات تھی۔" (سورہ النور، 24:15)۔ جن لوگوں نے بغیر تصدیق کے جھوٹ پھیلایا، انہیں سرعام ڈانٹا گیا اور بعض کو بہتان (قذف) کے جرم میں 80 کوڑوں کی سزا دی گئی، جو کہ اسلامی قانونی سزا ہے جو کسی پر بغیر چار گواہوں کے زنا کا الزام لگانے پر مقرر ہے (سورہ النور، 24:4)۔ یہ واقعہ اسلامی قانون میں ایک بنیادی مثال بن گیا، جو بغیر ثبوت کے نقصان دہ افواہیں پھیلانے کے سنگین نتائج کو اجاگر کرتا ہے۔ اسلامی فقہ میں غیر تصدیق شدہ الزامات پھیلانے کی سخت ترین دنیاوی سزاؤں میں سے ایک قذف (بہتان) کی حد کی سزا ہے۔ یہ اس وقت لاگو ہوتی ہے جب کوئی شخص کسی دوسرے پر زنا یا بدکاری کا الزام لگاتا ہے اور چار معتبر گواہ پیش نہیں کرتا۔ اللہ فرماتا ہے: "اور جو لوگ پاک دامن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں، پھر چار گواہ پیش نہیں کرتے تو انہیں اسی کوڑے مارو اور ان کی گواہی کبھی قبول نہ کرو اور یہی لوگ فاسق ہیں۔" (سورہ النور، 24:4)۔ یہ قانون نہ صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں نافذ تھا بلکہ خلفائے راشدین کے دور حکومت اور پوری اسلامی قانونی تاریخ میں بھی نافذ رہا۔ 80 کوڑوں کی سزا کا مقصد لوگوں کی عزت کی حفاظت کرنا اور غیر تصدیق شدہ دعوؤں سے پیدا ہونے والے افراتفری کو روکنا تھا۔ مدینہ کے منافقین مسلمانوں کے معاشرے میں گھبراہٹ اور تقسیم پیدا کرنے کے لیے جھوٹی خبریں پھیلانے کے لیے بدنام تھے۔ ان کے اعمال کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل فرمایا: اگر منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے اور وہ لوگ جو مدینہ میں جھوٹی خبریں پھیلاتے ہیں باز نہ آئے تو ہم تمہیں ان کے خلاف ضرور اکسائیں گے، پھر وہ اس میں تمہارے پڑوسی نہیں رہیں گے۔" (سورہ الاحزاب، 60:33)۔ علماء کے مطابق اس آیت میں منافقوں کو اگر وہ جھوٹ پھیلانا اور معاشرے کو غیر مستحکم کرنا جاری رکھتے تو جلاوطنی یا حتیٰ کہ سزائے موت کی وارننگ دی گئی تھی۔ اگرچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رحم دلی اور تحمل کا مظاہرہ فرمایا، لیکن یہ آیت اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ اسلام غیر تصدیق شدہ اور نقصان دہ معلومات پھیلانے کے عمل کو کتنی سنجیدگی سے دیکھتا ہے۔ تاریخی طور پر شریعت کے تحت حکومت کرنے والے اسلامی معاشروں نے غیر تصدیق شدہ خبروں کے پھیلاؤ کے حوالے سے سخت پالیسیاں نافذ کی تھیں، خاص طور پر اگر ان میں شہرت، حکمرانی یا عوامی تحفظ شامل ہو۔ اگر کسی شخص کی افواہوں سے خانہ جنگی ہوتی تو اسے تعزیر کے تحت سزا دی جا سکتی تھی، جو کہ پہنچنے والے نقصان کی سطح پر منحصر تھی۔ ان سزاؤں میں جرمانے، قید، عوامی تذلیل یا سنگین صورتوں میں جسمانی سزا بھی شامل ہو سکتی تھی۔ یہاں تک کہ اگر کوئی شخص دنیاوی سزا سے بچ بھی جائے، تو اسلام سکھاتا ہے کہ وہ اپنے الفاظ کے نتائج کے لیے اللہ کے نزدیک جوابدہ رہتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زور دیا کہ زبان سے ہونے والے گناہ بھی جیسے جھوٹ بولنا، غیبت کرنا اور بہتان لگانا بھی سب سے خطرناک گناہوں میں سے ہیں۔ قیامت کے دن، ایک شخص دیکھ سکتا ہے کہ ایک بظاہر چھوٹی سی افواہ کے دور رس اثرات کی وجہ سے اس کے نتائج کئی گنا بڑھ چکے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو کوئی اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے اچھی بات کہنی چاہیے یا خاموش رہنا چاہیے۔" (صحیح البخاری اور صحیح مسلم) یہ سادہ لیکن طاقتور حدیث مومنین کو یاد دلاتی ہے کہ وہ اپنے الفاظ کو احتیاط سے تولیں اور غیر ضروری گفتگو اور خبروں سے بچیں بی خاص طور پر جب وہ غیر تصدیق شدہ یا نقصان دہ ہوں۔ یہ واضح ہے کہ غیر تصدیق شدہ معلومات پھیلانا نہ صرف نقصان دہ ہے بلکہ اسلامی تعلیمات اور مہذب معاشروں کے قائم کردہ اصولوں کے بھی منافی ہے۔ بدقسمتی سے ہم اسلام کی بنیادی اقدار، جو سچائی، انصاف اور ذمہ داری پر زور دیتی ہیں سے بہت دور ہیں۔ اس کے ساتھ ہی، ترقی یافتہ معاشروں کے مثبت پہلوؤں پر جیسے درستگی اور جوابدہی کے لیے ان کی وابستگی پر بھی سیکھنے کے بجائے ہم اکثر ان کی ثقافتوں کے منفی اثرات کی تقلید کرتے ہیں۔ صرف اتحاد اور مشترکہ ذمہ داری کے ذریعے ہی پاکستان اپنی قومی سلامتی کا تحفظ کر سکتا ہے اور طویل مدتی استحکام اور امن کی طرف بڑھ سکتا ہے۔ آرمی چیف کے غیر تصدیق شدہ خبریں پھیلانے کے خطرات سے متعلق بیان کو ملک بھر میں وسیع پیمانے پر سراہا گیا ہے۔ عوام اس بارے میں ٹھوس کارروائی کرنے کا مطالبہ کرتی ہے۔ پاکستان کو ایک بارڈ سٹیٹ بننا ضروری ہے جو غلط کام کرنے والوں اور ریاست مخالف عناصر کو قانون کے تحت جوابدہ ٹھہرائے۔

مودی، ٹرمپ اور خان

ناصر نقوی

جنگ کے بادل ابھی چھٹے نہیں اسی لیے پاکستانی قوم متحد ہو کر ازلی دشمن بھارت سے دوبارہ،، جھڑ چوڑی، کے لیے پہلے سے زیادہ پرعزم ہے کیونکہ افواج پاکستان نے اپنی منفرد حکمت عملی سے بھارت کو ایسی خاک چٹائی کہ مودی جی تمام تر دعوؤں کے باوجود زخم چاٹنے پر مجبور ہو گئے ہیں گھبراہٹ، بوکھلاہٹ اور شکست پر بھارتی عوام، اپوزیشن رہنما، ریٹائرڈ فوجی، ممبران پارلیمنٹ نے وزیر اعظم مودی کو تنقید کے کٹہرے میں کھڑا کر کے ایسے سوال و جواب پوچھ لیے ہیں جن کے مودی جی اور ان کی سرکار کے پاس جواب نہیں، ردعمل میں مودی جی اور وزراء نت نئی طفل تسلیوں کا سہارا لے رہے ہیں لیکن کوئی مطمئن نہیں ہو رہا' مودی جی اپنے معصومانہ سوال پر قائم ہے کہ ہم نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر کارروائی کی لیکن پاکستان نے تو ہم پر ہی حملہ کر دیا، اب ان سے کوئی پوچھے کہ آپ کس قانون کے تحت سرحد پار گئے؟ انھیں یاد کرایا جائے کہ کھس کر مارنے کی اشتعال انگیزی کس نے کی تھی؟ انہیں بتایا جائے کہ،، عالمی معاہدہ سندھ طاس،، ایک فالس فلیگ آپریشن کے ذریعے معطل کرنے اور پاکستان کا پانی روکنے کی دھمکی کس نے دی تھی؟ یہی نہیں سوال یہ بھی ہے کہ پاکستان کی،، پہلگام واقعہ،، کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی پیشکش کیوں قبول نہیں کی گئی؟ ان سے یہ بھی پوچھا جا رہا ہے کہ جنگی نقصان کتنا ہے؟ رافیل یا دوسرے جیٹ طیارے کتنے مارے گئے؟،، ترنگا یاترا،، جشن کس خوشی میں منایا جا رہا ہے؟ ان پر الزام لگا کے دو ہمسایہ ممالک کی لڑائی میں ٹرمپ بہادر،، سیز فائر،، کرانے کیوں آئے اور سرکار نے قومی سلامتی میں امریکی مداخلت کس بنیاد پر قبول کی؟ ان کھٹے میٹھے سوالات کی بوچھاڑ میں مودی جی نے حیران کن ،،یوٹرن،، لیتے ہوئے یہ بیان داغ دیا کہ جنگ بھی پاک بھارت تھی اور فیصلہ بھی دونوں نے ممالک نے خود کیا ہے، امریکہ کا،، سیز فائر،، سے کوئی تعلق نہیں، ان کے وفاقی وزیر راج ناتھ سنگھ نے زیر قبضہ جموں کشمیر کے دورے میں چھلانگ لگا دی کہ پاکستان نے ایٹمی جنگ کی دھمکی دی لہذا عالمی ادارے اپنے قوانین کے مطابق پاکستانی ایٹمی حساس ہتھیار اپنے کنٹرول میں لے کر بھارت کو محفوظ بنائیں، پھر تردید آ گئی کہ پاکستان نے ایٹمی دھمکی نہیں دی لیکن بھارتی آپریشن سندور صرف رکا ہے ختم نہیں ہوا، پاکستان نے حملے کا ردعمل دے کر نہ صرف سخت جواب دیا بلکہ یاد دہانی کرائی کہ اگر یہی انداز دہرایا گیا تو ہمارا انداز پہلے سے بھی خطرناک اور پریشان کن ہوگا؟ پھر بھی مودی جی عوام اور سیاسی میدان کو گرم رکھنے کے لیے فرما رہے ہیں کہ سندھ طاس معاہدہ ختم اور باقی حل طلب معاملات بھی آگے بڑھائے جائیں گے، پاکستان اور پاکستانی فوج نے اپنی کامیابی پر یوم تشکر منایا مالک کائنات کا شکر ادا کیا اور اپنے شہیدوں، غازیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے افواج پاکستان پر فخر کیا۔ اس موقع پر قومی یکجہتی کے مظاہرے نے نیا جذبہ، نیا جنون اور نیا عزم پیدا کر دیا کہ ہمارے سائنس دان، جوان اور قضائیہ متفرد ہیں اس لیے پاکستان کا دفاع مضبوط اور محفوظ ہاتھوں میں ہے، ایسے میں سپہ سالار کا نعرہ پاکستان ہمیشہ زندہ باد ہر زن عام رہا اور پھر وفاقی حکومت، کابینہ اور قوم کی جانب سے ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں فیلڈ مارشل بھی بنا دیا گیا۔ اب یہ تبدیلی بھارت کو پسند نہیں آئی۔ ان کا دعویٰ ہے کہ اب فیڈ مارشل بننے کے بعد جنرل عاصم منیر پاکستان میں مارشل لا لگائیں گے جبکہ اس اعزاز پر بانی چیئرمین کو بھی اعتراض نہیں۔ دوسری جانب بھارت نے بوکھلاہٹ میں،، پراکسی وار،، میں اضافہ کر دیا یعنی اب پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں اور خیبر پختونخوا میں جا بجا ان کے سہولت کاروں کے ذریعے دہشت گردی ہوتی دکھائی دے گی، پہلا واقعہ بہت ہی دردناک ہے جس میں سکول کے بچوں کو نشانہ بناتے ہوئے خودکش حملہ کیا گیا لیکن مودی سرکار شرمندہ نہیں ہے حالانکہ انھیں عالمی سطح پر بھی شرمندہ کیا جا رہا ہے کہ تم نے عالمی قوانین اور صحافت کی اقدار کو جھوٹ کی چادر میں باندھ کر دنیا کو پیش کیا جسے کسی نے قبول نہیں کیا؟

تاہم یہ بات بھی اسی یکجہتی کے ماحول میں کرنی ضروری ہے کہ قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف سابق صدر پاکستان فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کے پوتے عمر ایوب خان نے جنگ سے پہلے ایک مایوس کن خطاب سے سابق کمانڈر جنرل ریٹائرڈ باجوہ کے الفاظ دہرائے کہ ہمارے پاس لڑنے کے لیے کچھ نہیں اور دعویدار ہیں آسمانوں کی فتح یابی کے۔ انہوں نے تو جنگ سے پہلے ہی پاک بھارت جنگ کو نورا کشتی قرار دے دیا تھا لیکن اللہ بے نیاز ہے۔ اگر ارادے مضبوط اور زندگی سے زیادہ شہادت عزیز ہو تو پھر کامیابیاں خود قدم چوم لیتیں ہیں، بانی چیئرمین کی غیر سیاسی بہن محترمہ علیمہ خان نے بھی دعویٰ کیا تھا کہ جعلی حکومت اور فارم 47 کے وزیر اعظم سے حکومت نہیں چل رہی تو بھلا یہ بھارت جیسی بڑی فوج سے کیسے جنگ کریں گے؟ اگر بھارت کو منہ توڑ جواب دیتا ہے تو پھر دلیر، بہادر عمران خان کو رہا کیا جائے لیکن حکومت کے کان پر جوں تک نہیں رینگی اور پھر جب مکار دشمن نے پاکستان اور پاکستانیوں کو ڈرانے، دھمکانے اور خوفزدہ کرنے کے لیے مختلف شہروں میں ڈرونز کی یلغار کی تو وزیر اعلیٰ کے۔ پی۔ کے اسلام آباد ہائی کورٹ پہنچ گئے کہ اڈیالہ جیل پر حملوں کا خطرہ ہے اگر ایسا ہوا تو بانی چیئرمین ڈرون حملے میں مارے جائیں گے پھر بھی کوئی نتیجہ نہیں نکلا، اس لیے کہ حکومت اور ادارے یہ جانتے ہیں کہ تحریک انصاف کا انصاف صرف اتنا ہے کہ کسی بہانے بھی جائز ناجائز طریقے سے خان صاحب جیل سے رہا ہوں اور کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو کہ یہ ڈیل ہے یا ڈھیل، انہیں پاکستانی عوام، ریاست، قیدی کارکنوں اور رہنماؤں سے بھی کوئی سروکار نہیں، اس حوالے سے شاندار گلزار کا یہ بیان کافی ہے کہ،، عمران ہے تو پاکستان ورنہ کچھ نہیں،، دلچسپ بات یہ ہے کہ صدر ٹرمپ، خان اعظم اور مودی جی میں قدر مشترک یہ ہے کہ تینوں شخصیات کسی وقت بھی کچھ بھی کر گزرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں مودی جی کے جنگی جنون پر منہ توڑ جواب نے،، سیز فائر،، کی ہی راہ ہموار نہیں کی بلکہ تحریک انصاف کو بھی حالات سے کچھ سیکھنے کا موقع فراہم کر دیا ہے اس طرح یہ کہا جا سکتا ہے کہ پارٹی کی سطح پر برپا ہونے والا ہنگامہ خیز طوفان کسی حد تک رکا ہے بالکل اسی طرح جیسے مودی کا آپریشن سندور تھما ہے، ختم نہیں ہوا؟۔ تمام عمرانی ملاقاتوں کے بعد کوئی نیا کٹا ضرور کھل جاتا ہے اور اسے بانی کا حکم قرار دیا جاتا ہے۔ جنید اکبر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین نامزد ہوئے پھر انہیں مستعفی ہونے کا حکم ملا اور دو روز بعد ہی بیان بدل گیا کہ استعفیٰ ان کی مرضی سے مشروط ہے اگر وہ چیئرمین رہنا چاہیں تو اپنا کام جاری رکھیں، موجودہ حالات میں گنڈاپور اور باقی علیمہ خان میں صلح سمجھوتہ ہو چکا ہے۔ اب دونوں کی توپوں کا رخ حکومت کی جانب ہی رہے گا، بانی کا حکم اب یہ آیا ہے کہ حکومت مودی کے جنگی جنون میں خاصی دباؤ میں ہے لہذا اندرونی طور پر بھی ایک زوردار دھماکہ کیا جائے۔ وزیر اعظم اور چیئرمین کے خلاف تحریک اعتماد لائیں، سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کہتے ہیں ابھی نہیں جنگی بحران کا پہلے خاتمہ ہو جائے پھر تحریک عدم اعتماد لائیں گے جبکہ بیرسٹر گوہر علی خان نے بطور چیئرمین تحریک انصاف اس فیصلے سے انکار کر دیا ہے کہ بانی نے ایسا حکم نہیں دیا لیکن خان اعظم کی غیر سیاسی ہمشیرہ علیمہ خان کہتی ہیں کہ پارٹی کے حقیقی چیئرمین صرف اور صرف عمران خان ہیں وہ ناجائز قید میں رہتے ہوئے بھی اپنے تمام جائز اختیارات کے مکمل مالک ہیں فیصلہ صرف ان کا چلتا ہے اور آئندہ بھی چلے گا، ان سے پوچھا گیا کہ پھر بیرسٹر گوہر خان کیا ہے؟ ہمشیرہ نے وضاحت کی کہ وہ عمران خان کے نامزد کردہ چیئرمین ہیں لیکن ان کی حیثیت ''پیغام بر'' کی سی ہے اس سے زیادہ ہرگز نہیں' اس صورتحال میں بیرسٹر گوہر خان اپنی روایتی اور اخلاقی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں اس لیے کہ وہ ایک خاندانی اور وفادار انسان ہیں ورنہ انہیں چیئرمین پہلے ہی بزدل قرار دے چکے ہیں۔ الیکشن کمیشن نے ان کے انتخاب کو تسلیم نہیں کیا، سیاسی اور کور کمیٹی کی صدارت گوہر خان کرتے ہیں لیکن فیصلے اور احکامات کہیں اور سے آتے ہیں۔ بانی سے ملاقات بھی وہ اپنی،، گڈ ویل،، پر کرتے ہیں ورنہ حقیقت یہی ہے کہ ملاقاتیوں کی فہرست میں ذمہ داران ان کا نام نامی لکھنا پسند نہیں کرتے، اسی لیے حکومت بھی انہیں گھاس نہیں ڈالتی، کسی بھی اہم مسئلے پر دوسری پارٹیوں کے سربراہوں کی طرح انہیں اعتماد میں نہیں لیا جاتا کیونکہ،، پہلگام ڈرامہ،، کے بعد جنگی ماحول میں ہونے والی،، آل پارٹیز کانفرنس،، میں بھی انہیں حالات کی سنگینی کے باوجود بائیکاٹ کرنا پڑ جاتا ہے جس کا مطلب یہی ہے کہ ہمشیرہ جان درست فرماتی ہیں کہ ح

بقیہ 1

کا منہ توڑ جواب دیا، پاک بھارت جنگ کے دوران پاکستانی قوم اور سیاسی جماعتوں نے مثالی اتحاد کا مظاہرہ کیا، پوری دنیا پاکستان کی حکمت عملی اور ضبط و تحمل کو سراہا رہی ہے، بلوچستان میں بھارت کی مداخلت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، بجٹ میں عام آدمی کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایکسپو سنٹر میں انٹرنیشنل سولر انرجی میٹ نمائش کے دورہ کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد، پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین میاں عتیق الرحمان اور دیگر بھی موجود تھے۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ساری پاکستانی قوم، اوورسیز پاکستانیوں، صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم محمد شہباز شریف، سپہ سالار اور تمام سیاسی جماعتوں کو مبارک باد پیش کرتے ہیں کہ جنہوں نے ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہو کر مثالی اتحاد کا مظاہرہ کر کے بھارت کے خلاف جنگ جیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایٹمی قوت ہونے کے باوجود پاکستان نے جنگ کے دوران نہایت تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کیا اور بھارتی جارحیت کے خلاف ایسی سٹریٹیجی بنائی کہ پوری دنیا میں پاکستان کی بہتر حکمت عملی اور ضبط و تحمل کو سراہا جا رہا ہے، جس کا سارا کریڈٹ حکومت، مسلح افواج کے سربراہ اور تمام سیاسی پارٹیوں کو جاتا ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان ایک امن پسند ملک اور اس نے خطے میں امن کی فضا کو برقرار رکھنے کیلئے ہمیشہ ہر مسئلے کے حل کیلئے مذاکرات کا راستہ اختیار کیا ہے، کبھی ایسا کوئی قدم نہیں اٹھایا جو اس خطے کی عوام کی بربادی کا باعث بنے۔ بلوچستان میں دہشتگردی کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ بطور وزیر اعظم میں نے واضح کیا تھا کہ بلوچستان میں دہشتگردی اور صوبے میں بد امنی پھیلانے میں بھارت کا ہاتھ ہے، اس حوالے سے بالی وڈ میں ڈاکٹر من موہن سنگھ پر "ایکسیڈنٹل پرائم منسٹر" کے نام سے ایک فلم بھی بنی تھی جس کے بعد بھارت مسئلہ سیاچین، کشمیر اور بلوچستان کے اندرونی معاملات پر گفتگو و شنید کرنے کیلئے تیار ہو گیا تھا۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بھارت نے پہلگام میں دہشتگردی کا جھوٹا الزام لگایا

بقیہ 2

میں خدمات انجام دے رہے تھے۔ ترجمان کے مطابق حملے کے وقت والد حمدی الجار نے اپنی اہلیہ کو ناصر اسپتال ڈیوٹی پر چھوڑا تھا اور گھر واپس پہنچتے ہی میزائل حملہ ہوا۔ ان کے ایک اور بیٹے 10 سالہ آدم اور والد شدید زخمی حالت میں ہیں۔ واقعے کی ویڈیو میں شدید جلے ہوئے بچوں کی لاشیں دکھائی گئی ہیں جنہیں ملبے سے نکالا گیا۔ بچوں کی نماز جنازہ ناصر اسپتال میں ادا کی گئی۔ اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ وہ اس حملے کی تحقیقات کر رہی ہے اور ان کا ہدف ایک ایسی عمارت تھی جہاں مشتبہ افراد موجود تھے۔ انہوں نے خان یونس کو خطرناک جنگی علاقہ قرار دیا اور کہا کہ عام شہریوں کی ہلاکتوں پر "جائزہ لیا جا رہا ہے"۔ حماس کی وزارت صحت کے ڈائریکٹر جنرل منیر البورش نے سوشل میڈیا پر کہا کہ یہ حملہ اس وقت ہوا جب حمدی الجار اپنی اہلیہ کو اسپتال چھوڑ کر گھر لوٹے۔ انہوں نے کہا، "غزہ میں صرف ڈاکٹر نہیں، پورے خاندان بھی نشانے پر ہیں۔"

بقیہ 3

میں اسلام آباد کے فیلڈ افسران چیف کمشنر اسلام آباد، آئی جی اسلام آباد پولیس، ڈپٹی کمشنر، ڈی آئی جیز، ایس ایز اور اے ایز نے شرکت کی، وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری اور وفاقی سیکرٹری داخلہ بھی شریک ہوئے۔ دوران اجلاس اسلام آباد میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف فوری آپریشن کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بغیر منظور شدہ گھروں کے خلاف بھی کارروائی کا حکم دیا جبکہ غیر منظور شدہ ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف بھی کریک ڈاؤن کی ہدایت کر دی۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ افسران اس سلسلے میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر مضمر آمد یقینی بنائیں، لینڈ انفارمیشن اینڈ مینجمنٹ سسٹم (لمس) کے ذریعے سٹلائٹ میپنگ کر کے ہر قسم کی غیر قانونی تعمیرات کو روکا جائے، اسلام آباد میں شہریوں کو عالمی معیار کی خدمات کی فراہمی آپ سب کی پہلی ترجیح ہونی چاہیے، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ محسن نقوی نے متعلقہ ایس ایز اور اے ایز کو فعال انداز میں فرائض سرانجام دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں پولیس اور انتظامیہ کے امیج کو بہتر بنانا ہے اور یہ اس وقت ممکن ہے جب شہری خود آپ پر اعتماد کا اظہار کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ شہریوں کی سہولت کیلئے متعلقہ افسران ایے ایشنز لے کر آئیں، اس پر عمل میں ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا، مطلوبہ نتائج کے حصول کیلئے پورے عزم سے اس عمل کو قومی جذبے سے آگے بڑھائیں۔ وفاقی وزیر داخلہ نے اسلام آباد میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر موثر کنٹرول یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ عیدالاضحیٰ کے دنوں میں شہر کی صفائی کا خصوصی خیال رکھا جائے۔

بقیہ 4

نہ بنیں۔ خیبر پختونخوا کی جامعات کے 2500 سے زائد طلبہ نے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کے ساتھ خصوصی نشست میں شرکت کی، ہر طرف سبز ہلالی پرچموں کی بہار اور ملی نغموں کی گونج نے فضا کو جذبہ حب الوطنی سے بھر دیا۔ "پاکستان ہمیشہ زندہ باد" اور "پاک فوج زندہ باد، کشمیر بنے گا پاکستان" جیسے فلک شگاف نعروں نے ماحول کو گرما دیا۔ نشست کے دوران پختون طلبہ نے اپنے جوش و جذبے کا اظہار کرتے ہوئے دشمن کو واضح پیغام دیا کہ پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کو عبرت کا نشان بنا دیا جائے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے سوچا کہ حملے کریں گے اور پاکستان جواب نہیں دے گا، آپ نے دیکھا آپ سب کس طرح اپنے ملک کے پیچھے کھڑے ہوئے، اپنے ملک کے پیچھے پورا پاکستان کھڑا ہوا، اللہ کے حکم سے یہ آہنی دیوار کھڑی ہوئی، آہنی دیوار نے وہ تمام غلط حکمت عملی جو بھارت، مودی نے کی تھی، اس کو غلط ثابت کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اسلام میں کفر اور حق آپس میں اکٹھے نہیں ہو سکتے، لوگ سمجھتے تھے فوج اور عوام ایک دوسرے سے دور ہیں، ہرگز نہیں قوم اور فوج ہمیشہ ایک ساتھ تھے اور رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 6 اور 7 مئی کو جن ہوائی اڈوں سے بھارتی طیارے اڑے ان کو تباہ کیا، کیا آپ کی فوج نے کسی ایک سویلین انفراسٹرکچر، کسی ایک سول آبادی کو نشانہ بنایا؟ نہیں، ہم امن پسند ہیں، امن کو ترجیح دیتے ہیں، ہمارا پہلا انتخاب امن ہے، اگر بھارت نے دوبارہ یہ حماقت کی تو ہمارا جواب اس سے بھی شدید ہوگا، اس خطے اور پاکستان میں جتنی دہشت گردی ہوتی ہے اس کے پیچھے بھارت کا چہرہ ہے، بلوچستان میں ہر شہادت کے پیچھے بھارت ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ آپ کی عسکری قیادت نے فیصلہ کیا کہ ہندوستان کی 26 جھپوں پر ان کو جواب دیا جائے گا، مظفر آباد میں سات سالہ ارتضیٰ جس بریگیڈ ہیڈ کوارٹرز کے حکم پر شیلنگ سے شہید ہوا ہم نے اس پورے بریگیڈ ہیڈ کوارٹرز کو تباہ کر دیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کا مزید کہنا تھا کہ افغان ہمارا برادر پڑوسی اسلامی ملک ہے، بکتون افغانی آپ کا بھائی ہے، مسئلہ ان کی اشرافیہ ہے، بھارت افغانستان کی اشرافیہ کو پیسہ دیتا اور خریدتا ہے، بھارت افغانستان کو پاکستان کے خلاف استعمال کرتا ہے، افغان بھائیوں سے کہتے ہیں دہشت گردوں کو اپنے ملک میں جگہ نہ دو اور بھارت کے آلہ کار نہ بنو، آپ اس بھارت سے مدد مانگتے ہو جو کشمیر کی بچیوں کی عزت پامال کرتے ہیں۔ تقریب میں ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے "کشمیر بنے گا پاکستان" کا فلک شگاف نعرہ بھی لگایا۔

بقیہ 5

کے تبادلے میں چار بھارتی سپائسز کو ہلاک کیا گیا۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ ٹانک میں سکیورٹی فورسز کی دوسری کارروائی میں 2 خوارج اپنے انجام کو پہنچے جبکہ خیبر کے علاقے باغ میں تیسرے آپریشن کے دوران 3 بھارتی حمایت یافتہ دہشت گرد مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شرپسندوں سے بھاری تعداد میں اسلحہ بارود برآمد ہوا ہے، فتنہ الخوارج کے ہلاک دہشت گرد مختلف حملوں میں ملوث تھے، آپریشنز کے دوران خوارج کے ٹھکانوں کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا گیا۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا ہے کہ خوارج کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، سکیورٹی فورسز بھارتی سپانسرڈ دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 6

اور خطے میں امن کے حوالے سے اہم موقف پیش کیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ خضدار میں ہونے والی دہشت گردی کے دکھ کو الفاظ میں بیان نہیں کر سکتے، لیکن یہ وقت آ چکا ہے کہ دہشتگردوں کا منہ توڑا جائے۔ دہشتگردی کے خلاف جنگ کے کئی مراحل ہوتے ہیں اور بلوچستان میں دہشتگردی کے خاتمے کے لیے بھرپور آپریشن کی ضرورت ہے۔ سابق نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات نئے نہیں ہیں اور افغان قیادت کو اس بات پر غور کرنا ہوگا کہ افغانستان میں دہشتگردوں کی پناہ گاہیں پاکستان کے لیے خطرہ بن سکتی ہیں۔ سینیٹر انوار الحق کاکڑ نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات کے حوالے سے کہا کہ دونوں ممالک کے مفادات ایک دوسرے سے جڑے ہیں اور دہشتگردی کے خلاف مشترکہ تعاون ضروری ہے۔ پاک بھارت سیز فائر پر انہوں نے کہا کہ پاکستان نے سیز فائر کے حوالے سے کبھی بھی بھیک نہیں مانگی اور اس مرتبہ بھارتی اسٹریٹیجک غلط فہمی نے پاکستان کے موقف کو مضبوط کر دیا۔ انہوں نے وزیر اعظم شہباز شریف کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کو اوارڈ دے کر ایک نیک فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کو پاکستان اور خطے کی سکیورٹی صورتحال کی مکمل حقیقت کا اندازہ ہو چکا ہے۔ انہیں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ پاکستانی عسکری قیادت اور امریکی حکام کے درمیان کسی سطح پر اہم گفتگو ہوئی ہے تاہم اس بات کی باضابطہ تصدیق ان کے پاس نہیں ہے۔ امریکی سینیٹرز کے بیانات میں دونوں جانب غصہ جھلکتا ہے، جو ظاہر کرتا ہے کہ کچھ براہ راست معلومات کا تبادلہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق صدر ٹرمپ کے فاکس نیوز انٹرویو سے بھی یہ اشارہ ملتا ہے کہ امریکی قیادت کو زمینی حقائق کا بخوبی علم ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی وزیر اعظم مودی کی پالیسیوں کی ناکامی اور پاکستان کی جانب سے دو ٹوک جواب نے عالمی سطح پر پاکستان کی پوزیشن کو مضبوط کر دیا ہے۔ پاکستان اپنی دفاعی پوزیشن واضح کر چکا ہے اور اب دنیا اس موقف کو سنجیدگی سے لے رہی ہے۔ انوار الحق کاکڑ نے مزید کہا کہ بھارتی وزیر اعظم مودی کے رویے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت اپنی دشمنی کو تسلیم کرنے میں ناکام ہے اور ان کی جانب سے پاکستان کو کمزور سمجھنے کی کوششیں ناکام ہو چکی ہیں۔ ہمارے ہاں کوئی سوال نہیں کر رہا اور بھارت میں کوئی انہیں تسلیم نہیں کر رہا۔

بقیہ 7

ڈپٹی پرائم منسٹر نے مزار شریف پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی و دعا کی، عیسپاک نے مزار شریف پر جاری ترقیاتی امور سے آگاہ کیا اور دربار میں حرم نبوی کی طرز پر "ہائیڈ رولک کینوپیز" کی تنصیب بابت تفصیلات پیش کیں۔ نائب وزیر اعظم نے تعمیراتی کاموں کی مقررہ ٹائم لائن تک تکمیل کو یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ مزار شریف کے سپر سٹرکچر میں معیار اور رفتار کو ہمہ وقت پیش نظر رکھا جائے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان میں ہائیڈ رولک کینوپیز کی تنصیب ایک منفرد اور تاریخ ساز پراجیکٹ ہے، چھتریوں کی پر کیورمنٹ کا جملہ عمل قواعد و ضوابط کے مطابق، میرٹ اور شفافیت کے ساتھ جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ عیسپاک کی جانب سے بتایا گیا کہ داتا دربار مسجد کے صحن میں 2626 x 20 فٹ کی 20 چھتریاں مکمل طور پر ہائیڈ رولک اور آٹومیٹک ہوں گی۔

بقیہ 8

پولیو عائشہ رضا نے بچوں کو پولیو ویکسین پلا کر مہم کا افتتاح کیا۔ ترجمان نیشنل ای او سی کے مطابق قومی پولیو مہم 26 مئی سے یکم جون تک جاری رہے گی، مہم کے دوران 4 کروڑ 50 لاکھ سے زائد بچوں کو انسداد پولیو ویکسین پلانے کا ہدف ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ پولیو مہم پاکستان اور افغانستان میں بیک وقت منعقد کی جا رہی ہے، سرحدی علاقوں اور خانہ بدوش آبادیوں پر خصوصی توجہ ہے۔

بقیہ 9

کہ بھارت کے خلاف تاریخی فتح پر مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، خطے میں عسکری طاقت ہونے کا بھارت کا غرور خاک میں مل گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو بھارت پر ٹیکنالوجی کے شعبے میں بھی برتری حاصل ہو گئی۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی کا کہنا تھا کہ دنیا کو پتہ چل گیا ہے ہم ٹیکنالوجی کے ذریعے جدید طیارے گرا سکتے ہیں، 2018 میں ترقی کرتے پاکستان کا سفر جان بوجھ کر روکا گیا۔ قبل ازیں احسن اقبال سے انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرز ایسوسی ایشن کے وفد نے لاہور میں ملاقات کی، وفد کی قیادت سیکرٹری جنرل آئی ای پی امیر ضمیر کر رہے تھے، وفاقی وزیر نے بجٹ میں انجینئرز کے مطالبات شامل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ آئی ایم ایف کا وفد حکومت کے اقدامات سے مطمئن گیا ہے۔ وزیر اعظم کے بیرون ملک دورے اور عید کی وجہ سے بجٹ میں تاخیر ہوئی، بجٹ پر آئی ایم ایف کا کوئی دباؤ نہیں، عوام پر بوجھ نہیں ڈالیں گے

بقیہ 10

عالمی مارکیٹ کی طرف منتقل کر دیے، پہلے بھی 5 کارگو موڑے جا چکے ہیں جس کے بعد کل تعداد 11 ہو گئی ہے۔ حکومت نے قطر سے 2025 میں درآمد کیے جانے والے 5 کارگو بھی موخر کر دیے، ایک بڑی پیشرفت میں حکومت نے جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر، نومبر اور دسمبر 2025 کے لیے مقررہ 6 مزید ایل این جی کارگو عالمی سپاٹ مارکیٹ کی طرف موڑ دیے ہیں۔ یہ کارگو اطالوی کمپنی ENI سے درآمد کیے جانے تھے، جس کے ساتھ پاکستان ایل این جی لمیٹڈ (PLL) کا 15 سالہ طویل مدتی معاہدہ ہے، جس کے تحت ہر ماہ ایک کارگو درآمد کرنا لازم ہے۔ سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ ترجمان نے تصدیق کی کہ حکومت نے 6 مزید ایل این جی کارگو عالمی مارکیٹ کی طرف موڑنے میں کامیابی حاصل کی ہے اور یہ بات پیٹرولیم ڈویژن نے بتائی ہے۔ دسمبر 2025 تک ENI سے موڑے گئے کل کارگو کی تعداد 11 ہو گئی ہے تاہم ہر ماہ ایک کارگو عالمی مارکیٹ کی طرف موڑنے کے باوجود فروری 2025 سے لائن پیک گیس پریشر میں ابھی تک کوئی خاطر خواہ کمی نہیں آئی۔ لائن پیک پریشر اب بھی 5 ارب مکعب فٹ (BCF) سے زائد ہے جو کہ نیشنل گیس ٹرانسمیشن نیٹ ورک کے لیے خطرناک حد سمجھی جاتی ہے۔

بقیہ 11

بھی بھارت کو بھرپور جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی بجٹ بڑھانے کی ضرورت ہے، دفاعی بجٹ بڑھانے پر بار بار غور ہوا ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بھی یہی کہا ہے عوام پر بوجھ ڈالے بغیر دفاعی بجٹ کو بڑھایا جائے۔ مشیر وزیر اعظم کا مزید کہنا تھا کہ سیاسی مسائل کا حل نیمل پر ہوتا ہے، جلاؤ گھیراؤ سے نہیں، وزیر اعظم 2 بار پی ٹی آئی کو ہر ایشو پر مذاکرات کی آفر کر چکے ہیں، پی ٹی آئی نے دوبارہ پرتشدد احتجاج کیا تو اس کی اجازت نہیں دیں گے۔

بقیہ 12

پاکستان انٹرنیشنل سکولوں کے طلباء کی جانب سے زبردست تقاریر اور دلکش ٹیبلوز پیش کیے گئے۔ پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے خطاب کرتے ہوئے مسعود پوری نے قوم کے عزم اور پاک افواج اور شہدا کو خراج تحسین پیش کیا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کی معاشی ترقی کے حصول کے لیے قوم کو اتحاد اور عزم کا مظاہرہ جاری رکھنا ہوگا۔ تقریب کا اختتام پاکستانی شہداء کے لیے رقت آمیز دعا کے ساتھ ساتھ پاکستان اور سعودی عرب کی سلامتی اور خوشحالی کی دعا سے ہوا۔

بقیہ 19

اور ڈاکٹر کی رجسٹریشن پر کورٹ ڈگری کی شرط بھی ختم کر دی گئی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر کمپیوٹرائزڈ برتھ اور ڈیتھ سرٹیفکیٹ بھی مفت جاری ہوگا، شہری یونین کونسل اور میونسپل کمیٹی میں 7 سال تک بلا معاوضہ اندراج کرا سکتے ہیں۔ مریم نواز کا کہنا ہے کہ شناخت ہر شہری کا بنیادی حق ہے، شہریوں کے لیے آسانیاں پیدا کرنا چاہتے ہیں، سروسز کے حصول کے لیے ڈیجیٹل برتھ اور ڈیتھ سرٹیفکیٹ لازم ہے، پنجاب کے شہری برتھ اور ڈیتھ کا بروقت اندراج کرا کر اپنے حقوق کا تحفظ یقینی بنا سکتے ہیں۔

بقیہ 20

کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا ہے۔ اتوار کو مارگلہ ریلوے سٹیشن کا دورہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریلوے کو قابل اعتماد اور ترجیحی سفر بنانے کی کوششیں جاری ہیں۔ دورے کے دوران وفاقی وزیر نے مجموعی سہولیات کا جائزہ لیا جبکہ مسافروں اور عملے سے براہ راست بات چیت کی۔ دورے کے دوران حنیف عباسی نے سٹیشن کے احاطے میں صفائی کے انتظامات کا تفصیلی معائنہ کیا اور عملے کی کاوشوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے اسٹیشن حکام کو ہدایت کی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ حفظان صحت اور صفائی کے اعلیٰ معیارات کو مسلسل برقرار رکھا جائے۔ محمد حنیف عباسی نے ذاتی طور پر پلیٹ فارم پر موجود ٹرین کی ہر کوچ کا معائنہ کیا اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مسافروں سے بات چیت بھی کی، ان کی شکایات اور ریلوے خدمات سے متعلق تجاویز کو توجہ سے سنا۔ وفاقی وزیر نے ریلوے اہلکاروں کے ساتھ سروس کے معیار اور مختلف آپریشنل چیلنجوں کے بارے میں بات چیت کی۔ انہوں نے مارگلہ سٹیشن کے انفراسٹرکچر کو اپ گریڈ کرنے کیلئے جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ وفاقی وزیر نے مارگلہ سٹیشن پر تفریحی سہولیات متعارف کرانے کے منصوبوں کا اعلان کیا اور کہا کہ سٹیشن کے مستقبل کی ترقی کے حصے کے طور پر خصوصی طور پر ڈیزائن کے گئے پبلک ریستوران بھی زیر غور ہیں۔

بقیہ 21

بھی مذاکرات سے منع کر دیا ہے۔ اور کہا کہ اسٹیبلشمنٹ چاہے تو خود ان سے بات کر لے۔

بقیہ 22

گردی کی مذمت کرتا ہے لیکن بھارت نے بھی پاکستان میں دہشت گردی کی مذمت نہیں کی۔ وزیر اعلیٰ سندھ کا کہنا تھا کہ افواج پاکستان کی شان ہیں، ہم اپنی افواج کی بدولت امن و سکون کی زندگی گزار رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت نے پاکستان میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا لیکن پاکستان نے ان جگہوں کو ٹارگٹ کیا جہاں سے حملہ کیا گیا تھا، پاکستان نے بھارت کے رافیل گرا کر اس کا گھمنڈ توڑا۔

بقیہ 23

بھارت کو جو کہا تھا، سچ ثابت کیا، فیلڈ مارشل نے میلی آنکھ سے دیکھنے والے بھارت کی آنکھیں نکال دیں، گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ فیلڈ مارشل نے پاکستان کو ترقی یافتہ ممالک جیسا دفاع فراہم کیا، گورنر سندھ نے کہا کہ فیلڈ مارشل کی قیادت میں ایس آئی ایف سی ملک کو معاشی مضبوط کریگا۔

بقیہ 24

آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں درجنوں گاڑیاں جل کر راکھ ہو گئیں، آگ لگنے کے بعد علاقے میں افراتفری پھیل گئی، دھوئیں کے بادل دور تک دکھائی دیتے رہے۔ ریسکیو 1122 کے ترجمان بلال فیضی نے بتایا کہ اچانک لگنے والی آگ نے دیکھتے ہی دیکھتے پورے ویئر ہاؤس کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو کی فائر ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوع پر پہنچ گئیں اور آگ بجھانے کی کارروائی شروع کر دی، آگ بجھانے میں چار فائر بجھکو اور ایک ایمبولینس نے حصہ لیا، کئی گھنٹوں کی جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پا لیا گیا، واقعے میں لاکھوں روپے مالیت کی ضبط شدہ گاڑیاں مکمل طور پر تباہ ہو گئیں، آگ لگنے کی وجہ تاحال معلوم نہیں ہو سکی تاہم واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں جب کہ خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ 25

باقاعدہ افتتاح 28 مئی کو پاکستان میں روسی فیڈریشن کے سفیر البرٹ پی خوریف کریں گے۔ صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری مہمان اعزاز ہوں گی۔ افتتاحی تقریب میں سینئر صحافی، دانشور، وکلاء اور کاروباری شخصیات شرکت کریں گی۔

بقیہ 26

کی جانب سے بار بار بین الاقوامی سطح پر بھارت کی مداخلت اور تخریبی کردار کے شواہد پیش کیے جا چکے ہیں۔ پاکستان ان چند ممالک میں شامل ہے جو اس بھارتی رویے سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں، خصوصاً بلوچستان میں گزشتہ دو ہائیوں کے دوران جاری بھارتی خفیہ دہشتگردی کی مہم عالمی امن کے لیے شدید خطرہ بن چکی ہے۔ 2009ء میں مصر کے شہر شرم الشیخ میں ہونے والی دو طرفہ بات چیت کے دوران پاکستان نے پہلی بار باضابطہ طور پر بلوچستان میں بھارتی مداخلت کا معاملہ اٹھایا۔ اس کے بعد 2010ء میں وکی لیکس کے انکشافات سے بھی اس بات کی تصدیق ہوئی کہ بین الاقوامی مصریین پاکستان میں بھارتی خفیہ سرگرمیوں، خاص طور پر بلوچستان میں بدامنی سے متعلق کارروائیوں سے بخوبی آگاہ تھے۔ 2015ء میں پاکستان نے بھارتی دہشتگردی کے ثبوتوں پر مشتمل ایک جامع ڈوسیئر اقوام متحدہ کو پیش کیا، جس میں بھارتی انٹیلی جنس اداروں کے کردار کو بے نقاب کیا گیا۔ اس کے بعد 2016ء میں بھارتی نیوی کے حاضر سروس افسر کلبھوشن یادیو کی گرفتاری نے ان شواہد کو عملی شکل دے دی۔ کلبھوشن نے پاکستان میں تخریب کاری، خاص طور پر بلوچستان میں کارروائیوں کا اعتراف کیا۔ پاکستان نے 2019ء اور پھر 2023ء میں اقوام متحدہ کو مزید ڈوسیئرز فراہم کیے جن میں سرفراز بنگل زئی اور گلزار امام شمیم کے اعترافی بیانات شامل تھے، جنہوں نے بھارتی انٹیلی جنس اہلکاروں سے تربیت اور ہدایات لینے کا اعتراف کیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی حالیہ بریفنگ میں بھارتی فوجی افسران کے پاکستان میں دہشتگردی میں براہ راست ملوث ہونے کے شواہد پیش کیے گئے، جن سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ یہ کوئی انفرادی کارروائیاں نہیں بلکہ باقاعدہ ریاستی پالیسی کا حصہ ہیں۔ دفاعی ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستان کی جانب سے پیش کیے جانے والے شواہد مسلسل عالمی برادری کے سامنے رکھے جا رہے ہیں، لیکن بھارتی حکومت کی جانب سے انکار اور خاموشی خطے کو تصادم کی طرف دھکیل رہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اب وقت آ چکا ہے کہ عالمی برادری بھارتی ریاستی دہشتگردی پر سنجیدگی سے نوٹس لے اور اس کے خلاف عملی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 27

کے مطابق موڑہ سے ایم تھری کو فیض پور سے درکھانہ تک جبکہ ایم ٹو کو ٹھوکر نیاز بیگ سے کوٹ مومن تک اور سیالکوٹ موڑ سے کو بند کیا گیا۔ لاہور کے چڑیا گھر کی پارکنگ میں درخت گر گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، رائیونڈ روڈ، بھوپتیاں چوک کے قریب دیوار گرنے سے

بقیہ 28

کے نمائندگان اور میڈیا سے وابستہ افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے چیئرمین سید اویس نقوی، صدر فہد غنی، انفارمیشن سیکریٹری ذوالفقار احمد، سینئر نائب صدر محمد اشتیاق، نائب صدر سید پیکر محی الدین، جنرل سیکریٹری عامر علی، جوائنٹ سیکریٹری سید فیضان رضا، فنانس سیکریٹری محمد احمد، اور ایگزیکٹو ممبران جاوید اقبال، عدیل احمد، اور کاشف خان نے خطاب کیا۔ مقررین نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا ماسٹر پلیٹل 25 مئی 2025 کو ہونے والے انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ پلیٹل کا منشور اشتہاری صنعت کی ترقی، اکاروباری افراد کے حقوق کے تحفظ اور دیرینہ مسائل کے فوری حل پر مبنی ہے۔ پلیٹل نے اعلان کیا کہ ایڈورٹائزرز کے لیے ایک جدید ایڈورٹائزنگ سوسائٹی قائم کی جائے گی، جس کے لیے سندھ حکومت سے 15 کینال زمین حاصل کی جائے گی۔ اس سوسائٹی میں دفاتر، میٹنگ اسپیسز اور جدید کاروباری سہولیات مہیا کی جائیں گی تاکہ صنعت کے افراد کو ایک مربوط پلیٹ فارم میسر آ سکے۔ اس کے علاوہ پلیٹل نے وعدہ کیا کہ کاروباری لین دین اور ادائیگیوں سے متعلق مسائل کو 120 دن کے اندر اندر حل کیا جائے گا، جس کے لیے ایک موثر اور شفاف مکینزم متعارف کرایا جائے گا۔ پلیٹل نے شفاف، فعال اور متحرک تنظیم سازی کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایڈورٹائزنگ سیکٹر کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے گا اور کاروباری طبقے کے حقوق کے مکمل تحفظ کو ہر حال میں یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 29

پولیو عائشہ رضا نے بچوں کو پولیو ویکسین پلا کر مہم کا افتتاح کیا۔ ترجمان نیشنل ای او سی کے مطابق قومی پولیو مہم 26 مئی سے یکم جون تک جاری رہے گی، مہم کے دوران 4 کروڑ 50 لاکھ سے زائد بچوں کو انسداد پولیو ویکسین پلانے کا ہدف ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ پولیو مہم پاکستان اور افغانستان میں بیک وقت منعقد کی جا رہی ہے، سرحدی علاقوں اور خانہ بدوش آبادیوں پر خصوصی توجہ ہے۔

بقیہ 30

مطابق ڈپٹی کمشنر کوہاٹ عبدالاکرم کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) سمیت آپ ایس، سی اینڈ ڈبلیو، لوکل گورنمنٹ اور دیگر متعلقہ محکموں کے حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں کل 7 منصوبوں کی منظوری دی گئی جن میں لوکل گورنمنٹ کی 2، یو۔اے۔ڈی۔اے کی 3 اور سی اینڈ ڈبلیو اور آپ ایس کی ایک۔ ایک سکیم شامل ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کوہاٹ نے متعلقہ حکام کو ترقیاتی منصوبے معیار کے مطابق بروقت مکمل کرنے اور عوام کو بہترین خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے افسران کو بھی اپنے فرائض بطریق احسن سرانجام دینے کی تاکید کی تاکہ عوام الناس کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ 31

ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیو ایس سی کے تحت غربا مسجد پاک کالونی میں صیہونی دہشت گردوں کے خلاف اور فلسطینیوں سے اظہار یک جہتی کے لیے اپنی زیر صدارت منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس سے مہمان خصوصی معروف مذہبی اسکالر علامہ عبدالخالق فریدی، مہمانان اعزازی علامہ مرتضیٰ خان رحمانی، محمد اسلم غوری، محمد یوسف و دیگر نے خطاب کیا اور عزہ میں صیہونی دہشت گردی کی شدید مذمت کی، فلسطینیوں سے اظہار یک جہتی جاری رکھنے کے عزم کا ایک بار پھر اعادہ کیا علامہ فریدی نے کہا کہ غزہ میں جاری صیہونی بمباری میں فلسطینی شہدا کی تعداد ہزاروں سے تجاوز کر گئی ہے اور جو زندہ ہیں ان کو علاج معالجے اور غذائی خوراک لباس یہاں تک پینے کا ص

City News

سٹی نیوز

نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے صدر شمس الرحمن سواتی، پاکستان ورکرز فیڈریشن کے سیکرٹری چوہدری یاسین اور دیگر مزدور رہنما پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

مزدور تنظیمیں نظر انداز، بڑی تنظیموں نے احتجاج کی دھمکی دیدی

صدر نیشنل لیبر فیڈریشن شمس الرحمن سواتی کی جائنٹ ایکشن کمیٹی عہدیداران کے ہمراہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (نمائندہ) میں صدر نیشنل لیبر فیڈریشن شمس الرحمن سواتی کا جائنٹ ایکشن کمیٹی عہدیداران کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہنا تھا انٹرنیشنل لیبر فیڈریشن کانفرنس ہر سال جنیوا میں منعقد ہوتی ہے ہر ملک سے اس کانفرنس میں سہ فریقی نمائندگی موجود ہوتی ہے نیشنل لیبر فیڈریشن سمیت پاکستانی نمائندہ تنظیموں کو نظر انداز کیا جارہا ہے ئی ایل سی میں میرا نام ڈیلیگیٹ کے نام پر حکومت نے تجویز کردیا اب اچانک آئی ایل او کی ویب سائٹ سے میرا نام اڑا کر ظہور اعوان نامی بندے کا نام دے دیا ظہور اعوان کسی فیڈریشن کے عہدیدار بھی نہیں انکا حکومت نے نام تجویز کردیا گیا ہم نے وزیر اعظم کو اس حوالے سے خط بھی لکھا ہے آئی ایل او کو کسی کے اثر رسوخ میں نہیں آنا چاہیے پاکستان کی سب سے بڑی لیبر تنظیموں نے مطالبات نہ ماننے پر احتجاج کرینگے۔ چوہدری یسین سیکرٹری پاکستان ورکر فیڈریشن نے کہا کہ ہمیں دنیا میں گھومنے کا شوق نہیں ہم حقیقی نمائندگی کا مطالبہ کررہے ہیں غیر منتخب لوگوں کو سفارش کی بنیاد نامزد کرکے مزدوروں کی نمائندگی کو نظر انداز کیا گیا ظہور اعوان کسی ایسوسی ایشن کی نمائندہ نہیں پھر انکو کیسے نامزد کیا جاسکتا ہم حکومت کو بتانا چاہتے ہیں کہ ایسا رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جاسکتا ہم نے دنیا میں اصل پاکستان کے مزدوروں کی نمائندگی کرتے ہیں۔

عیدالاضحیٰ سے قبل شہر کے ایک محلے کی گلی میں سیر کے لیے قربانی کا اونٹ لے کر جانے والے نوجوان۔

ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان

اس دوران چند مقامات پر موسلا دھار بارش/ژالہ باری بھی ہوسکتی ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے تاہم شام/رات میں گلگت بلتستان، کشمیر، خیبر پختونخوا، اسلام آباد، خطہ پوٹھوہار اور شمالی/جنوب مشرقی بلوچستان میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے علاوہ آندھی/جھکڑ چلنے اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع ہے۔ اس دوران چند مقامات پر موسلا دھار بارش/ژالہ باری بھی ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور خشک جبکہ میدانی علاقوں میں شدید گرم رہا۔ تاہم بالائی پنجاب اور کشمیر میں چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش ہوئی۔ سب سے زیادہ بارش پنجاب: لاہور (ائیر پورٹ 11، سٹی 02)، نارووال 11، حافظ آباد، فیصل آباد 08، سیالکوٹ (سٹی 05، ائیر پورٹ 03)، گوجرانوالہ، جھنگ 04، گجرات، سرگودھا، منڈی بہاؤالدین 03، جوہر آباد 02، منگلا، جہلم، شیخوپورہ، قصور 01 اور کشمیر: کوٹلی میں 05 ملی میٹر بارش ریکارڈ ہوئی۔ اتوار کو ریکارڈ کئے گئے زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت: نوکنڈی، سکرنڈ، چھور، میٹھی 46، جیکب آباد، دالبندین، تربت اور شہید بینظیر آباد میں 45 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات نے پیر (شام/رات) سے منگل کے دوران آندھی/جھکڑ/گرج چمک/ژالہ باری اور تیز/موسلا دھار بارش کے باعث کمزور انفراسٹرکچر (بجلی کے کھمبے، درخت، گاڑیاں، سولر پینل وغیرہ) کو نقصان کا اندیشہ ظاہر کیا ہے۔

ڈکیتی کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے بزرگ شہری جاں بحق

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی ڈھوک کالا خان میں ڈکیتی کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے بزرگ شہری جاں بحق ہوگیا۔ بزرگ شہری بائیک رائیڈر کے ساتھ گھر پہنچا تھا۔ رپورٹ کے مطابق راولپنڈی تھانہ صادق آباد کی حدود میں بائیک رائیڈر گھر میں داخل ہوکر لاکھوں کی نقدی و زیورات لے اڑا۔ ڈکیتی کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے بزرگ شہری موقع پر جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق بزرگ شہری بائیک رائیڈر کے ساتھ گھر پہنچا تھا، بائیک رائیڈر نے پینے کے لیے پانی مانگا۔ پولیس کے مطابق گرمی اور پیاس کا بہانہ بنا کر ملزم نے گھر میں داخل ہوتے ہی اسلحہ تان لیا۔

اشتہاری کے 6 ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار میں لیا جاچکا ہے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) رتہ امرال پولیس نے قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں ملوث اشتہاری گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں ملوث اشتہاری کو گرفتار کرلیا، اشتہاری نے ساتھیوں کے ہمراہ چھریوں اور پسٹل کے بٹ کے وار کرکے 3 شہریوں کو زخمی کیا تھا، زخمیوں میں سے ایک علاج معالجہ کے دوران دم توڑ گیا تھا، اشتہاری کے 6 ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار میں لیا جاچکا ہے، واقعہ کا مقدمہ جولائی 2024 میں درج کیا گیا، رتہ امرال پولیس نے ہیومن انٹیلیجنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا۔

بچوں کے علاج کیلئے مزید 25 لاکھ 50 ہزار روپے کے فنڈز جاری

لاہور (نیوز رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور سمیت صوبہ بھر میں تھیلیسیمیا کے شکار بچوں کے علاج معالجے کیلئے مزید 25 لاکھ 50 ہزار روپے کے فنڈز جاری کر دیئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ کانسٹیبل محمد ذیشان فقیر کو بیٹے کے بون میرو ٹرانسپلانٹ کیلئے 10 لاکھ روپے، اے ایس آئی ارشد حسین، غلام فرید، مرحوم اے ایس آئی محمد شفیع کی بیوہ اور کانسٹیبل وسیم احمد کو بچوں کے علاج معالجے کیلئے اڑھائی لاکھ روپے فی کس فنڈز جاری کیے گئے۔

پانی بحران کے خاتمہ کیلئے بڑے منصوبوں پر کام شروع کردیا ہے

اہم منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے مختص فنڈز کے اجرا کو ترجیح دی جارہی ہے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رکن قومی اسمبلی ملک ابرار احمد نے کہا ہے کہ راولپنڈی کینٹ و شہر میں پانی بحران کا مکمل خاتمہ کرنے کے لئے بڑے منصوبوں پر کام شروع کردیا گیا ہے، نئے ڈیموں کی تعمیر سے پانی کی کمی دور ہونے کے ساتھ ساتھ ٹینکر مافیا کا بھی خاتمہ ہوگا۔ اتوار کو اے پی پی سے گفتگو کرتے ہوئے ملک ابرار احمد نے کہا کہ پانی بحران جیسے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے جہاں دودھیچہ و چھان ڈیم کی تعمیر جیسے منصوبوں پر کام جاری ہے وہیں راول ڈیم اور خان پور ڈیم میں پانی کی استعداد کار کو بڑھانے کے لئے بھی کام کیا جارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بارشوں کے پانی کو محفوظ بنانے کے ساتھ زیر زمین پانی کو ذخیرہ کرنے کے لئے بھی جدید طرز کے زیر زمین ٹینکوں کی تعمیر کا منصوبہ بھی آخری مراحل میں ہے اور موسم گرما میں راولپنڈی کی عوام کو صاف پانی جیسی بنیادی سہولت باآسانی دستیاب ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال موسم گرما شروع ہوتے ہی راولپنڈی اور چکلالہ کنٹونمنٹس کے مکینوں کو پانی ذخیرہ کرنے کی سہولتیں نہ ہونے کی وجہ سے شدید قلت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گرم موسم میں عوام کو پانی کی وافر فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اہم منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے مختص فنڈز کے اجرا کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھاٹا چوک میں زیر زمین ٹینکوں کی تعمیر، جس میں 200000 گیلن یومیہ ذخیرہ کرنے کی گنجائش ہے اور گوالمنڈی جس میں 100000 گیلن یومیہ کی گنجائش ہے، تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نصیر آباد، برف خانہ چوک، غازی آباد، افشاں کالونی، گنج بھٹہ، ٹالی موہری اور چکلالہ چھاؤنی کے وارڈ 7، 8، 9 اور 10 میں منصوبے جاری ہیں، ہر ایک کو 50000 گیلن روزانہ ذخیرہ کرنے کے لیے

پاکستان اب اقتصادی استحکام کی راہ پر گامزن ہے

کلیدی شعبوں میں بحالی اور ترقی کے واضح آثار ہیں، وزیر اعظم

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل خان نے کہا ہے کہ پاکستان اب اقتصادی استحکام کی راہ پر گامزن ہے، کلیدی شعبوں میں بحالی اور ترقی کے واضح آثار ہیں۔ اتوار کو نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کی تجارتی لبرلائزیشن اور برآمدات میں ترقی کی حکمت عملی کے نتائج سامنے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے معیشت کو بھنور سے نکال لیا ہے۔ اب طویل مدتی استحکام اور پائیدار ترقی کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کے بہتر معاشی نقطہ نظر کو تسلیم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالیاتی انتظام ٹریک پر ہے اور ہدف بنائے گئے اقتصادی اہداف کو مسلسل پورا کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالیاتی استحکام کی کوششیں جاری ہیں اور حکومت ذمہ دارانہ مالیاتی حکمرانی کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم صرف معیشت کا انتظام نہیں کر رہے ہیں ہم ایک مضبوط، زیادہ لچکدار مستقبل کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔

مجموعی طور پر پانچ ہزار سے زائد ٹریفک خلاف ورزیاں ریکارڈ کی گئیں

دوران ڈرائیونگ موبائل فون استعمال کرنے پر 114 ڈرائیوروں کو جرمانے کیے گئے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اسلام آباد ٹریفک پولیس (آئی ٹی پی) نے کہا ہے کہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مجموعی طور پر 497,5 ٹریفک خلاف ورزیاں ریکارڈ کی گئیں، جن میں 052,1 گاڑیوں کو ضبط کیا گیا اور مختلف جرائم کے لیے ہزاروں چالان جاری کیے گئے۔ اتوار کو ترجمان نے بتایا کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 740 موٹر سائیکلوں اور 312 گاڑیوں کو جرمانے کئے گئے۔ مزید برآں 3315 گاڑیوں کو غیر قانونی پارکنگ پر کارروائی کا سامنا کرنا پڑا جبکہ 634 موٹر سائیکل سواروں کو ہیلمٹ کا استعمال نہ کرنے پر جرمانے کئے گئے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ دوران ڈرائیونگ موبائل فون استعمال کرنے پر 114 ڈرائیوروں کو جرمانے کیے گئے اور سیٹ بیلٹ نہ باندھنے پر 384 گاڑیوں کو چالان نکٹ دیا گیا۔ کالے رنگ کا شیشہ استعمال کرنے پر 98 گاڑیوں کے خلاف بھی کارروائی کی گئی۔ چیف ٹریفک آفیسر (سی ٹی او) کیپٹن (ر) سید ذیشان حیدر نے کہا کہ دارالحکومت میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت اور بلا امتیاز کارروائی کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم غیر قانونی پارکنگ کے خلاف بھی کریک ڈاؤن کر رہے ہیں، شہریوں کو محفوظ سفر کو یقینی بنانے کے لیے ٹریفک قوانین کا احترام کرنا چاہیے۔

خانہ بدوش خاندان سڑک کے کنارے اپنے برتنوں کو پینے کے صاف پانی سے بھر رہے ہیں۔

اسلام آباد: یوم تشکر کے موقع پر سیکٹر جی ایٹ میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر حسن سہیل کورکن قومی اسمبلی نوید عامر جیوا، اشرف مل و دیگر اعزازی شیلڈ دے رہے ہیں۔

25 لاکھ ہیڈمنی والا خطرناک ڈاکو شاہنواز کوش گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس رحیم یار خان نے کچہ کریمنو کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئی 25 لاکھ روپے ہیڈمنی والا خطرناک ڈاکو شاہنواز کوش گرفتار کر لیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق رحیم یار خان پولیس نے ڈی پی او عرفان علی سموں کی قیادت میں ٹارگٹ آپریشن کیا، گرفتار ڈاکو پولیس پر حملوں، قتل، اقدام قتل، اغوا، برائے تاوان جیسے سنگین جرائم میں ریکارڈ یافتہ ہے۔

ایف پی سی سی آئی کی ایگزیکٹیو اور جنرل باڈی کے اجلاس

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ کی زیر صدارت فیڈریشن کی ایگزیکٹیو باڈی اور جنرل باڈی کے اجلاس منعقد ہوئے۔ اجلاس میں پیٹرن انچیف یو پی جی ایس ایم تنویر سمیت وفاق سمیت چاروں صوبوں سے ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بھارت کے خلاف افواج پاکستان کی حالیہ کامیابی کی بھرپور ستائش اور سیاسی قیادت کی تعریف کی گئی۔ اجلاس میں بزنس کمیونٹی کے مسائل اور فیڈریشن کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات سے ممبران کو آگاہ کیا گیا۔ اجلاس نے فیڈریشن کے موجودہ عہدیداران کی مدت میں ایک سالہ توسیع کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کی ممبران ایگزیکٹیو باڈی اور جنرل باڈی نے صدر ایف پی سی سی آئی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔

مضر صحت اشیا بنانے والوں کے خلاف کارروائی

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے راولپنڈی میں مضر صحت اشیا بنانے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک فیکٹری کو سربمہر کرکے مقدمہ درج کرلیا۔ پی ایف اے ترجمان کے مطابق اتوار کو راولپنڈی کے علاقہ نیلیان سرسید میں مضر صحت چیونگم اور جیلی برآمد کرکے فیکٹری کو سربمہر کردیا گیا اور گودام مالک کے خلاف مقدمہ بھی درج کیا گیا ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ ضلع راولپنڈی کے تمام علاقوں میں مضر صحت اشیائے خورد و نوش بنانے والوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کریک ڈاؤن کیا جارہا ہے اور کسی کو شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔

اسلام آباد میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف فوری آپریشن کا فیصلہ کرلیا گیا

شہریوں کو عالمی معیار کی خدمات کی فراہمی آپ سب کی پہلی ترجیح ہونی چاہیے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اسلام آباد میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف فوری آپریشن کا فیصلہ کرلیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت اہم اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں چیف کمشنر اسلام آباد، آئی جی اسلام آباد پولیس، ایڈیشنل کمشنر، ڈی آئی جیز، ایس ایس پیز اور اے سیز نے شرکت کی۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری اور وفاقی سیکرٹری داخلہ بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بغیر منظور شدہ گھروں اور غیر منظور شدہ ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف بھی کریک ڈاؤن کا حکم دیا اور کہا کہ متعلقہ افسران اس سلسلے میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد یقینی بنائیں، لینڈ انفارمیشن اینڈ مینجمنٹ سسٹم (لمز) کے ذریعے سیٹلائٹ میپنگ کرکے ہر قسم کی غیر قانونی تعمیرات کو روکا جائے۔ محسن نقوی نے کہا کہ اسلام آباد میں شہریوں کو عالمی معیار کی خدمات کی فراہمی آپ سب کی پہلی ترجیح ہونی چاہیے، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے، متعلقہ ایس پیز اور اے سیز فعال انداز میں فرائض سرانجام دیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں پولیس اور انتظامیہ کے امیج کو بہتر بنانا ہے اور یہ اس وقت ممکن ہے جب شہری خود آپ پر اعتماد کا اظہار کریں۔

ایم ٹو بلکسر انٹرچینج کے قریب آئل ٹینکر میں آگ لگ گئی

موٹروے پولیس کے اہلکار جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور فوری طور پر علاقے کو محفوظ کرلیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) موٹروے ایم 2 پر بلکسر انٹرچینج کے قریب ایک آئل ٹینکر میں آگ لگ گئی جسے موٹروے پولیس کے اہلکاروں نے فوری طور پر روک لیا۔ اتوار کو ترجمان کے مطابق بلکسر انٹرچینج کے قریب آئل ٹینکر کے پچھلے پہیوں میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ کراچی سے اسلام آباد جانے والی گاڑی 000,48 لیٹر پیٹرول لوڈ کرکے جارہی تھی۔ اطلاع ملتے ہی موٹروے پولیس کے اہلکار جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور فوری طور پر علاقے کو محفوظ کرلیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مثالی پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹیم آگ پر قابو پانے میں کامیاب رہی اس سے پہلے کہ یہ پھیلتی اور بڑے پیمانے پر نقصان پہنچاتی۔ ان کی بروقت کوشش کی وجہ سے ٹینکر کو شدید تباہی سے بچا لیا گیا اور آس پاس کی ٹریفک کے خطرے کو موثر طریقے سے کم کیا گیا۔ آگ کو مکمل طور پر بجھانے کو یقینی بنانے کے بعد راستے پر ٹریفک کی روانی کو فوری طور پر بحال کر دیا گیا۔ حکام نے قومی شاہراہوں پر مسافروں کی حفاظت کو یقینی بنانے میں ان کے اہم کردار پر زور دیتے ہوئے صورتحال سے فوری اور پیشہ ورانہ طریقے سے نمٹنے پر موٹروے پولیس کی تعریف کی ہے۔

ریلوے کے سفر کو قابل اعتماد اور ترجیحی بنانے کیلئے کوششیں جاری ہیں

حمد حنیف عباسی نے ذاتی طور پر پلیٹ فارم پر موجود ٹرین کی ہر کوچ کا معائنہ کیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے پاکستان ریلوے کو جدید، قابل بھروسہ اور مسافروں کیلئے دوستانہ ذرائع آمدورفت میں تبدیل کرنے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا ہے۔ اتوار کو مارگلہ ریلوے سٹیشن کا دورہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریلوے کو قابل اعتماد اور ترجیحی سفر بنانے کی کوششیں جاری ہیں۔ دورے کے دوران وفاقی وزیر نے مجموعی سہولیات کا جائزہ لیا جبکہ مسافروں اور عملے سے براہ راست بات چیت کی۔ دورے کے دوران حنیف عباسی نے سٹیشن کے احاطے میں صفائی کے انتظامات کا تفصیلی معائنہ کیا اور عملے کی کاوشوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے اسٹیشن حکام کو ہدایت کی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ حفظان صحت اور صفائی کے اعلیٰ معیارات کو مسلسل برقرار رکھا جائے۔ محمد حنیف عباسی نے ذاتی طور پر پلیٹ فارم پر موجود ٹرین کی ہر کوچ کا معائنہ کیا اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مسافروں سے بات چیت بھی کی ان کی شکایات اور ریلوے خدمات سے متعلق تجاویز کو توجہ سے سنا۔ وفاقی وزیر نے ریلوے اہلکاروں کے ساتھ سروس کے معیار اور مختلف آپریشنل چیلنجوں کے بارے میں بات چیت کی۔ انہوں نے مارگلہ سٹیشن کے انفراسٹرکچر کو اپ گریڈ کرنے کیلئے جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ وفاقی وزیر نے مارگلہ سٹیشن پر تفریحی سہولیات متعارف کرانے کے منصوبوں کا اعلان کیا اور کہا کہ سٹیشن کے مستقبل کی ترقی کے حصے کے طور پر خصوصی طور پر ڈیزائن کئے گئے پبلک ریستوران بھی زیر غور ہیں۔

ایس ڈی پی او کوہسار ذوالفقار علی عباسی کا رانا مارکیٹ F-7 میں کھلی کچہری کا انعقاد۔

ڈیجیٹل دور میں کاروباری میلہ کے عنوان سے تقریب کا انعقاد

۔ایسے پروگرامز ہی دونوں اقوام کو مضبوط، محفوظ اور مربوط بناتے ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے زیر اہتمام اور امریکی سفارت خانے کے ریجنل انگلش لینگویج آفس (RELO) پاکستان کے مالی تعاون سے جاری ایکسس انگلش مائیکرو اسکالرشپ پروگرام کے تحت "ڈیجیٹل دور میں کاروباری میلہ: صلاحیت اور کاروباری ذہانت کی اڑان" کے عنوان سے شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ امریکی سفارتخانہ میں کونسلر برائے پبلک ڈپلومیسی لیزا سوئنارسکی تقریب کی مہمان خصوصی تھیں جبکہ اعزازی مہمان مسٹر جیرلڈ فریک، ریجنل انگلش لینگویج آفیسر (RELO) تھے۔ لیزا سوئنارسکی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ پروگرام نہ صرف نوجوانوں کی قابلیت کو اجاگر کرتا ہے بلکہ امریکہ اور پاکستان کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مضبوط بنانے کی ایک بہترین مثال بھی ہے۔ یہاں موجود باصلاحیت نوجوان ہمارے مشترکہ خوابوں کی تعبیر ہیں۔ ایسے پروگرامز ہی دونوں اقوام کو مضبوط، محفوظ اور مربوط بناتے ہیں۔ میں تمام منتظمین کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتی ہوں، خصوصاً کوآرڈینیٹر منہاج الدین اور ان کی ٹیم کو جن کی محنت قابل ستائش ہے۔ تقریب کے روح رواں پروگرام ڈائریکٹر ڈاکٹر امجد خان نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ یہ میلہ صرف ایک تقریب نہیں بلکہ ہماری نوجوان نسل کے خوابوں، صلاحیتوں، اور جدت طرازی کی عکاسی ہے، آج ہم نے دیکھا کہ کس طرح ہمارے طلبہ نے محدود وسائل کے باوجود کاروباری صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ کیا۔ یہ میلہ اداروں، شعبوں، اور سرحدوں کے درمیان تعاون کی علامت ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ نوجوان صرف تعلیم یافتہ نہ ہوں بلکہ خود مختار، بااعتماد اور کارآمد شہری بنیں۔ وائس چانسلر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ ایسے پروگرامز نہ صرف تعلیمی ترقی ممکن ہوتی ہے بلکہ نوجوانوں میں قیادت، تخلیقی سوچ اور عملی زندگی کے لیے تیاری کا جذبہ بھی پیدا ہوتا ہے۔

ریجنل ڈرامہ فیسٹول کے پہلے دن ڈرامہ رشتے اور فرشتے پیش

حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق ریجنل ڈرامہ فیسٹیول پیش کیا جارہا ہے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی کے زیر اہتمام ریجنل ڈرامہ فیسٹول کے پہلے دن ڈرامہ رشتے اور فرشتے پیش کیا گیا۔ ڈرامہ کی تحریر و ہدایات یاور محمد کی تھیں۔ ڈرامہ نیم میں معروف فنکاروں راجہ ستار، انجم عباسی، شاہد بھولا، علامہ سجاد، انجم عباسی، رضوانہ خان، نزہ اور یاور محمد نے عمدہ پرفارمنس کا مظاہرہ کیا۔ اس ڈرامہ میں یہ بتایا گیا کہ روپیہ کی فراوانی انسان کو مغرور بنا دیتا ہے اور وہ اپنے رشتے دولت کے تل بوتے پر بنانے کی کوشش کرتا ہے مگر ایک موقع ایسا آتا ہے کہ دولت کام نہیں آتی تو اس وقت اس کو احساس ہوتا ہے کہ صرف وطن سے محبت کا جذبہ ہی عظیم رشتہ ہے۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل نے کہا حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق ریجنل ڈرامہ فیسٹیول پیش کیا جارہا ہے جس کا مقصد فنون لطیفہ کی ترویج و ترقی اور لوگوں کو صاف ستھری اور معیاری تفریح بہم پہنچانا ہے۔ اس ڈرامہ فیسٹیول میں روزانہ ایک نئی کہانی اور نئی ڈرامہ نیم اپنی پرفارمنس پیش کرے گی۔ لوگوں کی کثیر تعداد نے اس ڈرامہ کو دیکھا اور حکومت پنجاب کی کاوش کو سراہا۔ یہ فیسٹیول 5 جون تک جاری رہے گا۔

بھارت نے دوبارہ حماقت کی تو جواب زیادہ شدید ہوگا

کہ تم برائے مہربانی دہشت گردوں کو اپنے ملک میں جگہ نہ دو

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کا پہلا انتخاب امن ہے تاہم بھارت نے دوبارہ حماقت کی تو پہلے سے شدید جواب دیا جائے گا، قوم اور فوج ہمیشہ سے متحد تھی، ہے اور رہے گی، ہم اپنے افغان بھائیوں سے کہتے ہیں کہ تم برائے مہربانی دہشت گردوں کو اپنے ملک میں جگہ نہ دو، تم ہندوستان کے آلہ کار نہ بنو۔ خیبر پختونخوا کی مختلف جامعات کے تقریباً ڈھائی ہزار سے زائد طلبہ کے ساتھ خصوصی نشست سے اپنے خطاب میں ترجمان پاک فوج نے کہا کہ قوم اور فوج ہمیشہ سے متحد تھی اور رہے گی۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا کہ بھارت نے سوچا کہ ہم حملہ کریں گے اور پاکستان جواب نہیں دے گا لیکن آپ نے دیکھا کہ آپ سب کس طرح اپنے ملک کے پیچھے کھڑے ہوئے ہیں، پورا پاکستان کھڑا ہوا، اللہ کے حکم سے یہ آہنی دیوار کھڑی ہوئی اور اس نے وہ تمام فرضی حکمت عملی جو ہندوستان اور مودی نے کی تھی، انہوں نے ایک ایک کرکے اسے غلط ثابت کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان لوگوں سے ہم مل کر یہ سوال کرتے ہیں، وہ سمجھے تھے کہ یہاں کے عوام اور فوج ایک دوسرے سے دور ہے، ایسا ہرگز نہیں ہے، یہ قوم اور فوج ہمیشہ سے ایسی تھی اور ایسی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ آپ کی عسکری قیادت اور آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر نے فیصلہ کیا کہ ہندوستان کو 26 مقامات پر جواب دیا جائے گا۔

فروٹ منڈی میں گاہکوں کو متوجہ کرنے کے لیے ایک فروش تربوز کا بندوبست کر رہا ہے۔

ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کا ڈی آئی جی لا اینڈ آرڈر محمد عتیق طاہر کے ہمراہ اتوار کے روز میٹنگ کا انعقاد۔

چوری اور منشیات فروشی کے مقدمات میں نامزد سات ملزمان گرفتار

اشتہاری کے 6 ساتھیوں کو قبل ازیں حراست میں لیا جاچکا ہے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) سٹی پولیس آفیسر (سی پی او) سید خالد ہمدانی کی سربراہی میں راولپنڈی پولیس نے ضلع بھر میں سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے قتل، اقدام قتل، چوری اور منشیات فروشی کے مقدمات میں نامزد سات ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق تھانہ وارث خان، گوجر خان اور روات کے علاقوں میں منشیات فروشی میں ملوث تین ملزمان گرفتار کرکے پانچ کلو سے زائد چرس برآمد کی گئی۔ صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں ملوث ایک ملزم کو گرفتار کرلیا جس نے نے سابقہ رنجش پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ گزشتہ ماہ نامعلوم ملزمان کے خلاف درج کیا گیا تھا، واقعہ کا مقدمہ گزشتہ ماہ نامعلوم ملزمان کے خلاف درج کیا گیا تھا، اشتہاری کے 6 ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار میں لیا جاچکا ہے، واقعہ کا مقدمہ جولائی 2024 میں درج کیا گیا، رتہ امرال پولیس نے ہیومن انٹیلیجنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا۔

بارشوں سے 14 افراد جاں بحق، 101 زخمی ہوئے

لاہور (کرائم رپورٹر) پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے نے پنجاب کے مختلف اضلاع میں آندھی طوفان اور بارشوں سے ہونے والے نقصانات کی رپورٹ جاری کردی۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق مختلف حادثات میں 14 افراد جاں بحق اور 101 زخمی ہوئے۔ جہلم میں 2 افراد جاں بحق، 32 زخمی، سب سے زیادہ متاثرہ ضلع لاہور میں آسمانی بجلی اور چھت گرنے سے 3 افراد جاں بحق ہوئے۔ راولپنڈی، سیالکوٹ، شیخوپورہ، گوجرانوالہ، میانوالی اور لیہ میں بھی اموات رپورٹ ہوئیں۔

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات کئے گئے، راولپنڈی پولیس کی 430 سے زائد افسران و جوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سر انجام دیئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات کیے گئے، راولپنڈی پولیس کے 430 سے زائد افسران و جوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے، سینئر افسران ڈیوٹی پر، مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کرتے رہے، تھانوں کی موبائلز، ایلیٹ فورس اور ڈولفن فورس کی خصوصی ٹیموں نے بھی گشت کے فرائض سرانجام دیئے۔

3 ملزمان گرفتار، 5 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کرکے 5 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی